SENATE OF PAKISTAN

SENATE DEBATES

Monday, December 01, 1997

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall (Parliament House) Islamabad, at thirty past seven in the evening with Mr. Chairman (Mr. Wasim Sajjad) in the Chair.

Recitation from the Holy Quran

بسم اللّٰہ الرحمن الرحیم

و اذا تتلیٰ علیه ایتنا ولّیٰ مستکبرا کان لم یسمعها کان فی اذنیه وقرا فبشره بعذاب الیم۔ ان الذین امنوا وعملوا الصلحت لهم جنت النعیم۔ خلدین فیها وعداللہ حقا وهو العزیز الحکیم۔

ترجمہ: اور جب اس کو ہماری آیتیں سنائی جاتی ہیں تو اکڑ کر منہ پھیر لیتا ہے گویا ان کو سنا ہی نہیں جیسے ان کے کانوں میں ثقل ہے تو اس کو درد دینے والے عذاب کی خوشخبری سنادو۔ جو لوگ ایمان لائے اور نیک کام کرتے رہے ان کے لئے نعمت کے باغ ہیں۔ ہمیشہ ان میں رہیں گے۔ خدا کا وعدہ سچا ہے۔ اور وہ غالب حکمت والا ہے۔

LEAVE OF ABSENCE

جناب چیئرمین: جزاک اللہ۔ اب Leave applications جی۔ جناب حبیب جالب بلوچ

SENATE OF PAKISTAN

SENATE DEBATES

Monday, December 01, 1997

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall (Parliament House) Islamabad, at thirty past seven in the evening with Mr. Chairman (Mr. Wasim Sajjad) in the Chair.

Recitation from the Holy Quran

بسم اللّٰہ الرحمن الرحیم

و اذا تتلیٰ علیه ایتنا ولّیٰ مستکبرا کان لم یسمعها کان فی اذنیه وقرا فبشره بعذاب الیم۔ ان الذین امنوا وعملوا الصلحت لهم جنت النعیم۔ خلدین فیها وعداللہ حقا وهو العزیز الحکیم۔

ترجمہ: اور جب اس کو ہماری آیتیں سنائی جاتی ہیں تو اکڑ کر منہ پھیر لیتا ہے گویا ان کو سنا ہی نہیں جیسے ان کے کانوں میں ثقل ہے تو اس کو درد دینے والے عذاب کی خوشخبری سنادو۔ جو لوگ ایمان لائے اور نیک کام کرتے رہے ان کے لئے نعمت کے باغ ہیں۔ ہمیشہ ان میں رہیں گے۔ خدا کا وعدہ سچا ہے۔ اور وہ غالب حکمت والا ہے۔

LEAVE OF ABSENCE

جناب چیئرمین: جزاک اللہ۔ اب Leave applications جی۔ جناب حبیب جالب بلوچ

نے ۸ سے ۱۲ نومبر کیلئے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا آپ ان کی رخصت منظور فرماتے ہیں۔

(رخصت منظور کی گئی)

جناب چیئرمین: جناب ماجد سلطان خواجہ صاحب نے ۶ سے ۱۲ نومبر کیلئے رخصت کیدرخواست کی ہے۔ کیا آپ ان کی رخصت منظور منظور فرماتے ہیں۔

(رخصت منظور کی گئی)

Mr. Chairman: Item No.2, Qazi Muhammad Anwar Sahib.

MOTION Re: CONDONATION OF DELAY

Qazi Muhammad Anwar: Mr. Chairman, I move under sub-rule (1) of Rule 171 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 1988, that the delay in the presentation of report of the Committee on Rules of Procedure and Privileges, on Privilege Motions moved by Senators Akram Shah, Hafiz Fazal Muhammad, Syed Muhamamd Jawad Hadi, M. Javed Mengal and Ex-Senators; Muhammad Tariq Chaudhry, Hafiz Hussain Ahmed, Manzoor Ahmed Gichki, Jam Haji Kararuddin and Prof. Khurshid Ahmed on the question arising out of the alleged unjustified arrest of Prof. Khurshid Ahmed by the Law enforcing agencies, be condoned till today.

Mr. Chairman: It has been moved by Qazi Muhammad Anwar under sub-rule (1) of rule 171 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 1988, that the delay in the presentation of report of the Committee on Rules of Procedure and Privileges, on Privilege Motions moved by Senators Akram Shah, Hafiz Fazal Muhammad, Syed Muhammad Jawad Hadi, M. Javed Mengal and Ex-Senators; Muhammad Tariq Chaudhry, Hafiz Hussain Ahmed, Manzoor Ahmed Gichki, Jam Haji Kararuddin and Prof. Khurshid Ahmed on the

question arising out of the alleged unjustified arrest of Prof. Khurshid Ahemd by the Law enforcing agencies, be condoned till today

Mr. Chairman: Item No.3.

MOTION Re: PRESENTATION OF THE REPORT OF COMMITTEE ON RULES OF PROCEDURE AND PRIVILEGES

Qazi Muhammad Anwar: Mr. Chairman, I present the report of the Committee on Rules of Procedure and Privileges on Privilege Motion moved by Senators Akram Shah, Hafiz Fazal Muhammad, Syed Muhammad Jawad Hadi, M. Javed Mengal, Ex-Senators Muhammad Tariq Chaudhry, Hafiz Hussain Ahmed, Manzoor Ahmed Gichki, Jam Haji Kararuddin and Prof. Khurshid Ahmed on the question arising out of the alleged unjustified arrest of Prof. Khurshid Ahmed by law enforcing agencies.

Mr. Chairman: Report stands presented. Item No.4.

MOTIOIN Re: CONDONATION OF DELAY

Qazi Muhammad Anwar: Mr. Chairman, I move under sub-rule (1) of Rule 171 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 1988, that the delay in the presentation of the report of the Committee on the Rules of Procedure and Privileges, on Privilege Motion moved by Senator Haji Javed Iqbal Abbasi on the question of the breach of the privilege arising out of the news telecast by the PTV in its Khabarnama on July 27, 1997 that the mover had joined the Mutahida Qoumi Movement (MQM), be condoned till today.

Mr. Chairman: It has been moved by Qazi Muhammad Anwar under sub-rule (1) of Rule 171 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 1988, that the delay in the presentation of report of the Committee on Rules of Procedure and Privileges, on Privilege Motion moved by Haji Javed Iqbal Abbasi on the question of breach of privilege arising out of the news telecast by the PTV in its Khabarnama on 27th July, 1997 that the mover had joined the Mutahida Qoumi Movement (MQM), be condoned till today.

(The motion was adopted)

Mr. Chairman: Delay stands condoned.

ڈاکٹر صفدر علی عباسی۔ پوائنٹ آف آرڈر۔

جناب چیئرمین۔ کیا پوائنٹ آف آرڈر ہے۔

ڈاکٹر صفدر علی عباسی۔ جناب جہاں تک اس پریویلج موشن کا سوال ہے ۔ میرے خیال میں حاجی صاحب کے بارے میں PTV نے کہا ہے کہ وہ ایم کیو ایم join کر گئے ہیں۔ مجھے سمجھ نہیں آئی کہ PTV نے کیوں کہا ہے۔ حاجی صاحب کا تو ہزارہ سے تعلق ہے۔ ان کا ایم کیو ایم سے کیا تعلق بن گیا۔

جناب چیئرمین۔وہ غلط خبر تھی اس لئے انہوں نے اعتراض کیا تھا۔

ڈاکٹر صفدر علی عباسی۔ اس لئے میں کہہ رہا ہوں کہ پی ٹی وی غلط خبریں چلاتا ہے ۔حاجی صاحب کے کہنے سے یہ بات واضح ہو گئی کہ پی ٹی وی کی پالیسی صرف جھوٹ بولنا ہے اور جھوٹ کو مسلسل پروپیگنڈہ کے ذریعے آگے بڑھا رہے ہیں۔

Mr.Chairman: Item No.5.

MOTION Re: PRESENTATION OF OF THE REPORT OF COMMITTEE ON RULES OF PROCEDURE AND PRIVILEGES

Qazi Muhammad Anwar: Mr. Chairman, I present the report of the Committee on Rules of Procedure and Privileges on Privilege Motion moved by Senator Haji Javed Iqbal Abbasi on the question of the breach of privilege arising out of the news telecast by PTV in Khabarnama on July 27, 1997 that the mover had joined the Mutahida Qoumi Movement (MQM).

Mr. Chairman: The report stands presented. Item No. 6.

MOTION Re: CONDONATION OF DELAY

Qazi Muhammad Anwar: Mr. Chairman, I move that under sub-rule (1) of Rule 171 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 1988, that the delay in the presentation of the report of the Committee on Rules of Procedure and Privileges, on Privilege Motion moved by Senator Ch. Muhammad Anwar Bhinder on the failure of the government to release development funds for the implementation of the schemes sponsored by the mover for the year 1994-95, be condoned till today.

Mr. Chairman: It has been moved by Qazi Muhammad Anwar under sub-rule (1) of Rule 171 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 1988, that delay in the presentation of report of the Committee on Rules of Procedure and Privileges, on Privilege Motion moved by Senator Ch. Muhammad Anwar Bhinder on the failure of the government to release development funds for the implementation of schemes sponsored by the mover for the year 1994-95, be condoned till today.

(The motion was adopted)

Mr. Chairman: Delay stands condoned. Item No.7.

MOTION Re: PRESENTATION OF REPORT OF COMMITTEE ON RULES OF PROCEDURE AND PRIVILEGES

Qazi Muhammad Anwar: Mr. Chairman, I present the report of the Committee on Rules of Procedure and Privileges on Privilege Motion moved by Senator Ch. Muhammad Anwar Bhinder on the failure of the government to release development funds for the implementation of the schemes sponsored by the mover for the year 1994-95.

And on submission of this report, the pendency with the committee stands nil.

Mr. Chairman: Wonderful. That is excellent and I must congratulate you and commend your efforts and I do hope the other committees will also take up the work with the same spirit and same enthusiasm.

Item No. 8, Ch. Muhammad Anwar Bhinder Sahib.

جی یہ کوئی اور move کرسکتا ہے کہ نہیں کرسکتا ؟ چونکہ اس وقت پینتیس آدمی ہوں گے شاید بعد میں نہ ہوں۔ یہ وہ آئٹم ہے جس کے لئے پینتیس آدمیوں کی ضرورت ہوتی ہے---------وہ گئے ہوئے ہیں ،ڈیفر کر دیتے ہیں۔ چلیں آتے ہیں تو پھر دیکھتے ہیں۔ آئٹم نمبر۹ اقبال حیدر صاحب۔ ان کا موشن تھا۔

چوہدری اعتزاز احسن۔ جناب چیئرمین !جناب آپ کی وساطت سے ایک چھوٹی سی گزارش لیڈر آف دی ہاؤس سے کرنا چاہتا ہوں۔

جناب چیئرمین۔جی فرمائیے۔

چوہدری اعتزاز احسن۔ جناب چیئرمین! یہ اجلاس چل رہا ہے ۔ اب ہمیں کچھ علم نہیں کہ کب تک یہ اجلاس چلانا چاہتے ہیں' کیا اس کا شیڈول رکھنا چاہتے ہیں۔ صبح رکھنا چاہتے ہیں یا شام رکھنا چاہتے ہیں۔ بیچ میں کوئی دن فارغ چھوڑنا چاہیں گے یا نہیں۔ وہی جناب جو میں نے پہلے کہا تھا کہ کارروائی کوئی اور ادارہ چلا رہا ہے ۔ ہمیں لگتا ہے کہ ہمیں ساتھ ساتھ چلتے جانا ہے اور اس کے ساتھ بھاگتے جانا ہے۔ جناب ہمیں کسی پروگرام کا کچھ پتہ نہیں ۔ یہ ہاؤس ہے' ان کے اپنے ممبرز بھی ہیں۔ سب کو روک رکھا ہے۔ لہذا ہمیں کوئی واضح تاریخ بتادیں کہ یہاں تک یہ اجلاس چلے گا۔

نمبر۲ یہ بھی ہمیں بتا دیں کہ اس میں کون کون سا دن ہوگا ' بیچ میں کوئی وقفہ بھی ہوگا یا نہیں ۔ بیچ میں ایسے دنوں کی بھی ہمیں چھٹیاں دیں جن میں ہم جا کر اپنا کاروبار اور کام وغیرہ نمٹا سکیں۔ ہم گورنمنٹ کے ملازمین نہیں ہیں ۔ ہمارے لئے بڑی مشکل ہوتی ہے ۔

جناب چیئرمین! میں آپ سے اپیل کرتا ہوں کہ خدا را! آپ لیڈر آف دی ہاؤس سے پوچھ کر ہمیں واضح بتا دیں۔ میری درخواست کو ہدایت بنا کر پیش کریں کہ یہ ہاؤس کب تک چلنا ہے اور اس کا شیڈول کیا ہوگا ؟ کچھ ہمیں اس عذاب سے' ہاؤس عذاب نہیں ہے بلکہ uncertainty عذاب ہے' اس سے چھٹکارہ دلا دیں ۔ ہمیں معلوم ہی کچھ نہیں ہے ۔ یہی ہمیں بتلا دیں۔

جناب چیئرمین۔ جی لیڈر آف دی ہاؤس ۔

راجہ محمد ظفر الحق۔ جناب چیئرمین ! اگر ان کے عذاب اور کشمکش میں کچھ کمی کرسکوں تو میں گزارش کروں گا کہ یہ ہفتہ انشاء اللہ تعالیٰ اجلاس باقاعدگی سے جاری رہے گا ۔ جو بعد کی بات ہے وہ ان کے ساتھ مشورہ کرکے پھر آگے چلا لیں گے کہ آئندہ کے بزنس کو کیسے چلایا جائے ۔

جناب چیئرمین۔ چلیں جی کچھ certainty تو ہوئی۔ جی اب اقبال حیدر صاحب کا موشن ہے۔

چوہدری اعتزاز احسن۔ یہ ان دنوں میں کوئی چھٹی بھی دیں گے ۔ کوئی چھوٹ وغیرہ ہونی چاہیے ۔

جناب چیئرمین۔ اگر آپ کسی دن زیادہ مصروف ہیں تو مجھے بتا دیں تو میں ان سے

درخواست کروں گا۔ اس دن چھٹی کرلیں گے ۔

چوہدری اعتزاز احسن ۔ نہیں جی یہ اسی دن رکھیں گے جس دن ہم نے جانا ہوگا۔ ہمیں کچھ بتا دیں ، ہمیں دو دن یہ چھوڑ دیں ۔ ہم اپنا بزنس خود طے کرلیں گے ۔

راجہ محمد ظفرالحق ۔ اگر کوئی ایسی ضروری بات ہو تو آپ فرما دیں ، انشاء اللہ تعالیٰ اس میں ایڈجسٹ کرلیں گے ۔

جناب چیئرمین ۔ ان کو نہ بتائیں ، مجھے بتا دیں ۔

چوہدری اعتزاز احسن ۔ اچھا جی ۔

جناب چیئرمین ۔ میں ان کو دوسری تاریخ بتا کر چھٹی کرا دوں گا۔ آئٹم نمبر 9 ، اقبال حیدر صاحب کا موشن ہے۔

but he is not present. But I think this has already started. So, you can talk on it. Anybody else would like to speak on it. Nobody else, so, that means this item stands disposed of Item No.10, Syed Iqbal Haider, he is not present. So, this sitem gets deferred or does it get dropped.

قانون کیا کہتا ہے؟

I don't know what the law says on this?

(interruptions)

Mr. Chairman: It is deferred. Item No.11.

(interruption)

Mr. Chairman: No.9 stands disposed of because there was nobody else to speak on it.

اقبال حیدر صاحب نے بات کر لی ہے ۔

I asked the honourable Senators if there was anybody else who wanted to express views on this.

Khawaja Qutabuddin: Sir, has the mover spoken on it.

Mr. Chairman: He has spoken on it. So, since there was nobody else, therefore, I thought that we should conclude this discussion.

Mr. Jamiluddin Aali: Sir, you allowed me to be on my legs.

جناب چیئرمین۔ جی وہ کہتے ہیں کہ آئٹم نمبر 9 پر انہوں نے کچھ بات کرنی ہے ۔ جی فرمائیے شفقت محمود صاحب ۔

جناب شفقت محمود ۔ جناب میں کئی مہینے سے ۔۔

(interruption)

جناب چیئرمین ۔ پوائنٹ آف آرڈر ختم ہو گئے ہیں ۔ کس چیز پر بات کرنی ہے ۔ اس بارے میں ۔۔۔۔

جناب شفقت محمود ۔ وہ ایک کرنٹ ایشو کے بارے میں 'television news' کے بارے میں ' تو مختصر سا عرض کرتا ہوں جی ۔

جناب چیئرمین ۔ شفقت محمود صاحب ۔

Mr. Shafqat Mahmood: Thank you very much sir. I am very glad that the Chairman PTV is here because he is the man who is really responsible for what comes on television. Sir, two days ago a letter was written by the Chief Justice to the President and consequently the President wrote a letter to the Prime Minister and as a reaction the Prime Minister wrote a letter to the President. And when the 9.00 O'clock news was broadcast ----- There is no order in the House sir.

جناب چیئرمین ۔ جی جناب' Order in the House جی 'جی فرمائیے ۔

جناب شفقت محمود ۔ سر میں گزارش کر رہا تھا کہ

two days ago the Chief Justice wrote a letter to the President under Article 190 and consequently the President wrote a letter to the Prime Minister and in return the Prime Minister wrote a letter to the President. I am not going into the details as to what was in those letters, that is a separate matter. When the 9.00 O'clock news was broadcast, there at least 7 to 8 minutes were taken up or be little bit lessen the rebuttal of the Prime Minister to a letter which had not been revealed. In other words, a rebuttal was telecast but nobody knew what was this rebuttal about. I mean, it is a matter of common sense that if you want to rebut something then you first inform the viewers that what is being rebutted.

صدر صاحب کے خط کے بارے میں تو کچھ نہیں تھا لیکن وزیر اعظم صاحب کا خط جو اس کے جواب میں تھا کہ آپ نے یہ کہا ہے The viewers had to strain their imagination to think کیونکہ یہ کہہ رہے ہیں تو شاید صدر صاحب نے یہ کہا ہو۔

Now, sir, we are talking about the head of state and the head of the government. So, I think, that the Chairman, PTV should answer this that why in the first instance, the letter of the head of state was not broadcast and secondly, if the Prime Minister wrote something then of course, it should be followed. This sequence was broken.

جناب چیئرمین۔ جی جناب چیئرمین پی ٹی وی پرویز رشید صاحب۔

جناب پرویز رشید۔ جناب والا! میں شفقت محمود صاحب کو دعوت دیتا ہوں کہ وہ میرے ساتھ چل کر اس خبرنامے کو پی ٹی وی کے دفتر میں ملاحظہ فرما سکتے ہیں، اگر وہ تکلیف نہ کرنا چاہیں تو اس خبر نامے کی ریکارڈنگ ان کی خدمت میں پیش کی جا سکتی ہے اور سارے ہاؤس کی خدمت میں پیش کی جا سکتی ہے۔ وزیر اعظم صاحب کا جب جواب پڑھا گیا تو یہ بھی بتایا گیا کہ یہ صدر صاحب کے کس خط کے جواب میں ہے اور صدر صاحب نے اس خط میں کیا کہا ہے یہ بھی بتایا گیا۔ یہ آپ کی خدمت میں پیش کر دیا جائے گا۔ آپ اس کو ایک دفعہ سن لیں پھر اس پر بات کر لیں گے۔

(اس دوران جناب چیئرمین (وسیم سجاد صاحب) کی جگہ پریذائیڈنگ آفیسر
چوہدری محمد انور بھنڈر صاحب کرسی صدارت پر متمکن ہوئے)

جناب شفقت محمود۔ جناب! آپ نے جواب تو نشر کر دیا اور جو سوال تھا اس کا ذکر ہی نہیں کیا۔

جناب پرویز رشید۔ جناب والا! جواب بھی نشر کیا گیا ہے اور سوال بھی ۔میں آپ کی خدمت میں دونوں چیزیں پیش کر دوں گا ۔ میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ ان تمام دنوں میں کسی قسم کی کوئی خبر چھپانے کی کوشش نہیں کی گئی ۔ تمام فریقوں کی تمام خبریں ٹی وی پر نشر کی گئیں ہیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر(چوہدری محمد انور بھنڈر)۔ جی جناب جمیل الدین عالی۔

جناب جمیل الدین عالی۔ جناب! پریذائیڈنگ آفیسر صاحب! جناب چیئرمین صاحب نے مجھے اجازت دی تھی۔

جناب الیاس احمد بلور۔ جناب والا! آئیٹم ۹ کے متعلق ہمیں فلور دیا گیا تھا تو جناب شفقت محمود پوائنٹ آف آرڈر پر کھڑے ہو گئے تھے ۔ ہماری آپ سے درخواست ہے کہ جس طریقے سے آئیٹم نمبر ۱۰ کو defer کیا گیا ہے، اگر آئیٹم ۹ کو بھی defer کر دیا جائے تو بڑی مہربانی ہو گی، اگر defer نہیں کرتے تو پھر ہم بول لیں گے ۔

Mr. Presiding Officer: I have given the floor to Mr. Aali. I will hear Mr. Aali and after that we will take up that matter.

Mr. Jamiluddin Aali:. Thank you. Sir, I beg to move that this House may discuss the education policy of government with special reference to FATA and Northern Areas.

(interruption)

Mr. Presiding Officer: Order in the House.

جناب عالی صاحب آپ پوائنٹ آف آرڈر پر اٹھے تھے۔Order in the House جی راجہ ظفر الحق صاحب۔

راجہ محمد ظفر الحق۔ جناب ! آئیٹم نمبر ۹ میں movers سید اقبال حیدر نہیں تھے لیکن وہ تقریر کر چکے تھے۔ جناب چیئرمین صاحب نے پوچھا کہ اگر کوئی اور تقریر کرنا چاہتا ہے یا نہیں ، تو تھوڑا وقفہ ہوا ، انہوں نے سمجھا کہ کوئی تقریر نہیں کرنا چاہتا چنانچہ انہوں نے اگلا آئیٹم نمبر ۱۰ بولا ۔ سید اقبال حیدر صاحب نہیں تھے تو انہوں نے آئیٹم نمبر ۱۱ جناب جمیل الدین صاحب کو کہا لیکن اس کے بعد جب الیاس بلور صاحب کھڑے ہو گئے تو انہوں نے کہا کہ میں آئیٹم نمبر۹ پر بات کرنا چاہتا ہوں تو انہوں نے بلور صاحب کو اجازت دے دی۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر۔ اس کا مطلب یہ ہوا کہ اگر جناب بلور صاحب کو اجازت دے دی تھی تو بحث آئیٹم نمبر ۹ پر ہی تھی ۔ Order in the House جی بلور صاحب ۔

Mr. Ilyas Ahmed Bilour: Mr. Chairman, we are very grateful to you. We three persons want to speak on this item but we request your honour that if you can defer it because we are not well prepared for this. It is a very important point because it is a point of national interest.

یہ غریب عوام کے لئے بڑا اہم پوائنٹ ہے ۔ اگر آپ اسے defer کر دیں تو مہربانی ہو گی نہیں تو پھر ہم بول لیں گے ۔

Mr. Presiding Officer: Please take your seat. Mr. Iqbal Haider is not present. If we want to postpone this discussion, at least the mover should be there to say yes or no.

Mian Raza Rabbani: If you allow me, I would say on his behalf that if the honourable members seek deferment of the motion till the next private members day, there would be no objection.

Mr. Presiding Officer: I think there is consensus that discussion on this item should be postponed. It is deferred. Next , Syed Iqbal Haider is not present. Next Mr. Jamil uddin Aali.

Mian Raza Rabbani: Sir, point of order. My contention would be that until and unless the commenced motion , beause that is also under 194 , until and unless that is dispensed with 10, 11, 12 and 13 cannot be taken up because then there would be two commenced motions.So we will have to come to item 14.

Mr. Presiding Officer: No. No, that is a commenced resolution.

Mian Raza Rabbani: No sir, that is commenced motion under Rule 194 and item No. 10 is also motions under Rule 194.

Mr. Presiding Officer: Yes, that is there.

Mian Raza Rabbani: So until and unless item No. 9 is disposed of.

Mr. Presiding Officer: No. No. Not the least. If we defer the consideration on that , the other motions will be taken up seriatim. Mr. Jamiluddin Aali.

MOTION Re: DISCUSSION ON EDUCATION POLICY OF THE GOVERNMENT

Mr. Jamiluddin Aali: Thank you, sir. Mr. Chairman I beg to move that this House may discuss the Education Policy of the Government with special reference to FATA and Northern Areas.

Mr. Presiding Officer: The motion moved is that this House may discuss the Education Policy of the Government with special reference to FATA and Northern Areas. Yes Mr. Aali , please proceed.

Mr. Jamiluddin Aali: Thank you, sir. Sir, may I know how much

time would you allow me. Normally you allow twenty minutes for the movers.

Mr. Presiding Officer: Please you proceed with your speech.

Mr. Jamiluddin Aali: Thank you, sir.

جناب والا! چونکہ یہ تعلیم کا مسئلہ ہے تو میں اردو میں تقریر کرنا چاہوں گا تاکہ بہت سے حضرات اس پر غور فرما سکیں۔ جناب والا یہ مسئلہ ہے حکومت کی تعلیمی پالیسی پر گفتگو کرنے کا اور تاحال ابھی تعلیمی پالیسی نئی تو کوئی announce نہیں ہوئی ہے اور پرانی کے متعلق یہ نہیں معلوم کہ کون سی پرانی پالیسی چل رہی ہے۔ اس سلسلے میں پچھلے دنوں غیر رسمی طور پر جناب وزیر تعلیم سے مجلس قائمہ میں بات ہوئی تھی تو انہوں نے فرمایا تھا کہ وہ اس مسئلہ پر غور کر رہے ہیں۔ ہماری درخواست پر انہوں نے اس پر اتفاق کیا تھا کہ جب کوئی باقاعدہ پالیسی حکومت بنائے گی یعنی سفارشات وغیرہ پر غور کرے گی یا انہیں منظور کرے گی تو اس پر گفتگو کے لئے اور اپنی معاونت کے لئے سینٹ اور قومی اسمبلی سے ایک نمائندہ associate کرے گی۔ اس سے مراد ان کی یہ تھی کہ Chairman Standing Committee, Senate Education اور اسی طرح نیشنل اسمبلی کی ایجوکیشن کمیٹی کے چیئرمین اس میں مشورے کے واسطے لئے جائیں گے۔ لیکن جناب والا یہ ایک بہت طویل process ہے اور یہ مجھے کوئی غیر مقدم لگتا ہے فکر تدبر کا یہ دور۔ موجودہ حکومت کو کیونکہ اور بہت سی چیزوں میں مصروف ہونا پڑا تو میں نہیں سمجھتا کہ یہ پالیسی بہت جلد آجائے گی اور کوئی واضح صورتحال بہت جلدی ابھرے گی۔شاید یہی دو تین مہینے پہلے ----

Mr. Presiding Officer: Aali Sahib just a minute. Ishaq Dar Sahib what about Minister for Education?

Mr. Muhammad Ishaq Dar: Sir, I have sent a message to the Education Minister but if the House wants to discuss it, the government has no objection.

Mr. Presiding Officer: No but I think when there is a resolution.

Mr. Muhmmad Ishaq Dar: Sir, it will be better that if Education Minister is here.

Mr. Presiding Officer: It is not better but it is imperative. So far as the resolutions are concerned, motions are concerned , you may delegate your powers, so far as any Bill is concerned but so far as these particulars are concerned , I don't think any Minister is well conversant with the Commerce as you are.

Mr. Muhammad Ishaq Dar: Sir, I have requested Sartaj Sahib to try and trace Ghous Ali Shah Sahib, he is Education Minister.

Mr. Presiding Officer: Yes please send a message for him.

Khawaja Qutabuddin: Point of order, sir.

Mr. Presiding Officer: Yes Khawaja Qutabuddin on point of order.

Khawaja Qutabuddin: Sir, honourable Senator Aali has moved a very important motion here and it needs a thorough evaluation and discussion on the Education Policy. The Minister of Education is not present and further more the Education Policy, whatever that is there , the current Education Policy, we are not talking about the new Education Policy, whatever is the Education Policy now is, we need to have that document with us so that this House, the Members, the Senators can study it and then they can give their opinion .

Mr. Presiding Officer: It is not a point of order, it is over ruled. Yes Aali Sahib please continue.

Mr. Jamiluddin Aali: Thank you very much for over ruling his point of order. The point is that it is a new government, there was an old government and it had its own policy, that is finished, that is not under operation any more and I have got my figures, I have done some homework on which when

I make my statement, the honourable Senator can discuss the points or all the speech that I will make here, that does not matter, any way, and I certainly don't mind, sir, whether the Education Minister is here or not because he can get a copy of my speech and study and he might even be coming, he told me he would be coming, but that does not matter to me so far. As long as one government's representative is here to hear me, I think is good enough for me, sir.

تو جناب والا! مجھے اس سلسلے میں یہ عرض کرنا تھا کہ جو پالیسی بنتی رہی ہے اس میں حکومت کو یہ نکات زیر غور لانے پڑیں گے جو میں عرض کروں گا اور جس حد تک اس پر عمل ہو رہا تھا اس میں ان کو یہ گزارشات زیر غور لانی پڑیں گی تو میں اب عرض کروں گا۔ ان کے دو شعبے ہیں۔ ایک ہے quantity کا یعنی ہدف کا اور اخراجات کے متعلق۔ دوسرا ہے quality کا یعنی معیار تعلیم کا۔ جیسا کہ ارکان جانتے ہیں اور جناب والا بھی واقف ہیں یہ دونوں بہت ہی اہم شعبے ہیں ۔ دفاع کے بعد بلکہ دفاع کے ساتھ ساتھ اہم ترین شعبہ ہے۔ اس کو ہم نظر انداز کر دیتے ہیں۔ میں چاہوں گا کہ جو اعداد و شمار میں پیش کروں۔ معیار کے بارے میں تو بہت سی مختلف رائے ہو سکتی ہیں لیکن اعداد و شمار اپنی جگہ ٹھوس ہیں ۔وہ ریکارڈ پر آ جائیں گے اور اراکین ان پر بعد میں بات کر سکتے ہیں۔ کاپی لے کر آپ نوٹس فرما سکتے ہیں۔ میں پہلے مقدار سے شروع کروں گا کہ صورتحال کیا ہے۔ اگر کوئی میری تردید کرے گا تو میں -----

Mr. Presiding Officer: Let the House be attentive.

جناب جمیل الدین عالی: شکریہ جناب۔ ہماری مجموعی قومی آمدنی ڈھائی لاکھ کروڑ کی ہے اور تعلیم پر ہم کل ۶۵۰۰ کروڑ خرچ کرتے ہیں۔ یہ بنتا ہے ۲.۶ فیصد ہماری کل مجموعی قومی آمدنی کا۔ بجٹ ہمارا اس دفعہ ۱.۷۰ فیصد تھا جبکہ یونیسکو برسوں سے کہہ رہی ہے اور یونیسکو کا تمام دنیا کے لئے کم سے کم جو معیار مقرر ہے وہ یہ ہے کہ مجموعی آمدنی کا کم از کم ۴ فیصد خرچ ہونا چاہیے تب کہیں جا کر وہ سطح پر رہے گی ورنہ اس سے نیچے قعر مذلت میں چلی جاتی ہے۔ جناب ۴ فیصد تو آج تک پاکستان میں کبھی بھی نہیں ہو پائی ہے۔ ہر گورنمنٹ کے وعدے غلط ثابت ہوئے ہیں۔ ہر گورنمنٹ کے دعوے غلط ثابت ہوئے ہیں۔ کسی بھی حزب اختلاف نے اس

کو آج تک جان کا مسئلہ نہیں بنایا ہے جیسے وہ اور مسئلے بنا لیتی ہے کہ اگر آپ نے تعلیم کو ترقی نہیں دی تو ہم یہ کر دیں گے وہ کر دیں گے۔ نہ تعلیم کے معاملے پر اس ملک میں کوئی تحریک چلی ہے۔ نہ تعلیم کے معاملے پر کوئی انقلاب کی کوشش کی گئی ہے۔ نہ کوئی بغاوت ہوئی ہے اور نہ کہیں کوئی فائرنگ ہوئی ہے۔ تعلیم اور خواندگی حاصل کرنے پر۔ طلباء اور اساتذہ کے جھگڑے ہوئے ہیں لیکن بدقسمتی سے ملک میں یہ تحریک نہیں چلی ہے کہ جو اول حکم قرآنی تھا۔ اللہ تعالیٰ کی پہلی ہدایت تھی اپنے آخری نبی(صلی اللہ علیہ وسلم) کو کہ اقراء۔ جناب والا! اس اقراء کی خاطر آج تک اسلامی ریاست پاکستان میں کوئی ایسی تحریک نہیں چلی کہ جس میں ۴ آدمی بھی گرفتار ہوئے ہوں ' کہ خواندگی لاؤ ورنہ ہم جیل جائیں گے۔ تعلیم لاؤ ورنہ ہم جیل جائیں گے۔ بہت سی تحریکیں چلیں ہیں لیکن یہ کبھی پوائنٹ نہیں بنایا گیا۔ اب بھی میں یہ دیکھتا ہوں کہ صورتحال یہ ہے کہ اگر کوئی میری تردید کرے گا تو میں -------

Mr. Presiding Officer: Let the House be attentive!

بہت ہی ادب کے ساتھ کہ حزب اختلاف اور ہم لوگ طرح طرح کی صبح سے شام تک باتیں کرتے ہیں۔ مطالبات لاتے ہیں۔ دھمکیاں دیتے ہیں۔ لڑتے ہیں ہاؤس adjourn ہو جاتا ہے۔ بڑے بڑے دوسرے ایشوز ہو جاتے ہیں زندگی اور موت کے۔ صدر' وزیر اعظم اور عدلیہ میں اختلافات ہوتے ہیں تو وہ آنے لگتے ہیں۔ تمام اخبارات ان تمام باتوں سے بھر جاتے ہیں۔ تمام قومی توجہات ادبر ہو جاتی ہیں۔ یہ تمام مناقشات قوم کی ترجیح اول بن جاتے ہیں لیکن نہیں بنتی تو تعلیم' خواندگی ' معیار' مقدار اور اس پر اخراجات کا مسئلہ۔ یہ نہیں بن پاتا۔ نہ ہمارے روزناموں کی توجہ اس پر اتنی ہو پاتی ہے جتنا یہ شعبہ چاہتا ہے' نہ ہمارے ماہناموں کی ' نہ ہمارے دانشوروں کی۔ کسی کی بھی توجہ کا مرکز یہ موضوع نہیں بن پایا۔ میں آپ کی وساطت سے اپنی معمولی سی آواز سب تک پہنچانا چاہتا ہوں جہاں تک پہنچ سکے کہ خدارا دفاع کے بعد بلکہ دفاع کے ساتھ ساتھ اور خاص طور پر وزیراعظم سے کہنا چاہتا ہوں حکومتی بنچوں کے ذریعے کہ تعلیم کو اپنا پہلا commitmentبنائیں تعلیم اور خواندگی کو خود لے کر چلیں۔ تب یہ بات آگے چلے گی ورنہ نہیں چلے گی۔

جناب والا ' آپ نے خرچ کی صورت ملاحظہ کی کہ آپ کل 6500 کروڑ خرچ کرتے ہیں وہ کل 2.6 ہوتے ہیں۔ اب جناب اگر ہم اس کو چار فیصد لائیں تو 10 ہزار کروڑ چاہییں۔ تو دس

ہزار کروڑ میں نہیں جانتا ' سرتاج عزیز صاحب تشریف رکھتے ہیں' کہ وہ اس بجٹ میں ایک سال کے لئے بھی کر سکیں گے یا نہیں کر سکیں گے۔ پانچ سالہ پروگراموں میں ہمیں ٹال دیا جاتا ہے کہ وہ ninth پلان آرہی ہے اس میں اس کو رکھیں گے لیکن کاش کہ وہ اتنا سن لیں اور اس بات پر توجہ دیں کہ کیا کرنا ہے۔ میں نے ایک اور ریزولیوشن میں suggest کر رکھا ہے لیکن اتفاق کی بات یہ ہے کہ وہ ریزولیوشن پچھلے پرائیویٹ ممبر ڈے میں زیر غور آنے والا تھا لیکن نہیں آسکا میں سمجھتا تھا کہ آج پہلا آئیٹم ہوگا۔ کیونکہ وہ اس دن پہلا آئیٹم ہونا تھا۔ آج دیکھتا ہوں کہ وہ ریزلیوشن بارہ تیرہ نمبر پر چلا گیا ہے تو وہ شاید نہیں آسکے گا۔ لیکن میں نے اس ریزولیوشن میں بھی move کر رکھا ہے ۔ اس وقت تذکرہ کرتا چلوں کہ اس کے لئے میں نے سترہ گریڈ سے اوپر کے تمام افسران کی تنخواہوں میں' اٹانومس باڈیز میں ' پارلیمنٹرین کی تنخواہوں میں' تمام پبلک آفس ہیئررز اور تمام پرافٹ ہولڈر آفسز کی تنخواہوں سے پانچ فیصد کی کٹوتی کی تجویز کر رکھی ہے جو بظاہر ایک ناقابل قبول قرارداد لگے گی لیکن میں اس پر زور دیتا رہوں گا اور گورنمنٹ سے چاہوں گا کہ وہ کم از کم صحیح غیرت کھا کر اور شرم کھا کر اس مسئلے کو اٹھائے ۔ ہم تو تنخواہیں کاٹنے کو کہہ رہے ہیں وہ کہیں سے پیسہ لائیں ڈونر تیار ہوتے ہیں۔ وہ میں عرض کروں گا کہ جناب یہ اخراجات کا ایک چھوٹا سا ہلکا سا خاکہ تھا جو میں نے آپ کو پیش کیا۔ کہ اگر میری وہ تجویز منظور کر لی جائے بفرض محال پانچ فیصد کٹوتی کی تو جناب پھر اندازہ ہے کہ ساڑھے تین ہزارکروڑ ہو جائیں گے۔ پانچ فیصد کاٹ کر ایک ہزار پہلے بنے گا' پھر اس کے اگلے سال ایک ہزار اور بنے گا پھر تین ہزار بن جائے گا کیونکہ لوگوں کی تنخواہیں بڑھتی رہتی ہیں۔ اس حساب سے میرے اندازے کے مطابق اتنا ہو سکتا ہے کہ ہم جا کر تین سوا تین فیصد تک پہنچ جائیں۔ پھر بھی ڈونر سے روپیہ لانا پڑے گا ' اس سلسلے میں ' میں عرض کردوں کہ جناب والا! مسٹر وولفینن تشریف لائے تھے ورلڈ بنک کے چیئرمین ' تو جناب وزیر خزانہ نے ہماری فنانس کمیٹی سینٹ اور قومی اسمبلی کی فنانس کمیٹی کو ان سے ملنے کیلئے بلایا تھا اور ان سے ملاقات میں جہاں اور بہت سی باتیں ہوئیں وہ اس بات پر اصرار کر رہے تھے کہ ہم کوئی condition نہیں لگاتے ' دیکھئیے نے اپنے قرضے میں کوئی شرط نہیں لگاتے۔ میں نے کہا کہ کسی حکومت پر آپ کی شرط اندر کیا ہوتی ہے اور باہر کیا ہوتی ہے ہم جانتے ہیں۔ اس کو چھوڑیں شرط کون لگاتا ہے اور کہاں سے' وہاں سے جہاں پر آپ کا صدر دفتر واقعہ ہے وہ بھی ہم جانتے ہیں لیکن میں آپ

سے کہتا ہوں کہ آپ ایک شرط لگائیے اور وہ شرط یہ لگائیے کہ جب اگلی بار وزیر خزانہ آپ کی خدمت میں قرضہ مانگنے آئیں تو آپ ان سے اصرار کیجیئے کہ مجھے آپ اپنی ایجوکیشن پالیسی اور خواندگی کا ہدف بتائیے کہ کیا ہیں اور کب تک آپ خواندگی سو فیصد پاکستان میں کر دیں گے۔ اگر کوئی بیس پچیس تیس برس کا عرصہ دے رہے ہیں تو میں نہیں مانتا بلکہ آپ اس کو پانچ سات آٹھ برس میں خواندگی کو سو فیصد کیجیئے اور تعلیم کا معیار بڑھائیے تو ہم آپ کو قرضے دیں گے ۔ اس پر وہ بھی مسکرائے اور وزیر خزانہ بھی۔ میں دل ہی دل میں رویا میں مسکرا تو نہیں سکا لیکن شاید وزیرخزانہ نے میری بات نوٹ کی اور پھر ان دونوں نے مل کر کہا کہ ہمارا خیال ہے کہ دس برس میں ہم آپ کی یہ خواہش پوری کرنے کے قابل ہونگے۔ خدا کرے ایسا ہی ہو لیکن میں چاہوں گا کہ میری خواہش جلدی پوری ہو جیسے اقبال نے کہا

تیری دعا ہے کہ ہو تیری آرزو پوری
میری دعا ہے کہ تیری آرزو بدل جائے

تو میری دعا تو یہ ہے کہ پانچ برس میں ہمارے ہاں خواندگی کا پروگرام ایسا ہو کہ وہ سو فیصد ہو جائے اور ہو سکتا ہے جناب جب کیرالہ جیسا ہندوستان کا چھوٹا سا اور معمولی سا صوبہ جہاں کا مذہب اسلام بھی نہیں ہے۔ جن پر اقراء لازم بھی نہیں ہے۔ آج کئی برس ہو گئے اس بات کو انہوں نے پانچ برس کے پروگرام میں سو فیصد خواندگی اور تعلیم کو مڈل تک لے گئے تھے ۔ بہرحال اسلامی ملک میں جیسا بھی مسلمان چاہیں گے وہی ہوگا۔ تو اس کا ایک چھوٹا سا پہلو مقداریات کا یہ تھا۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر : راجہ صاحب آپ تقریر فرمانا چاہتے ہیں۔

جناب جمیل الدین عالی : نہیں کوثر صاحب مداخلت فرمانا چاہتے ہیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: پلیز جاری رکھیں۔

جناب جمیل الدین عالی: شکریہ ، تو جناب یہ مقداریات چھوٹا سا پہلو تھا اور اسی سلسلے میں ، میں یہ عرض کر دوں پرائم منسٹر لٹریسی کمیشن نے خود ہم کو رپورٹ دی کہ اس وقت 71 لاکھ بچے ناخواندہ ہیں۔ یہ اعلی تعلیم اور سیکنڈری تعلیم تو بعد میں آئے گی ۔خواندگی --- چونکہ بچوں سے شروع ہوتی ہے ۔ اس لئے اسی سے میں شروع کر کے بات عرض کرنا چاہتا ہوں کہ 71

لاکھ بچے اس وقت یعنی ایک دو مہینے پہلے تک جب یہ رپورٹ بنی ہے ناخواندہ تھے اور ان کا اندازہ یہ ہے یا خواہش ہے کہ اگر ان کو اجازت دی گئی تو 70ہزار مدرسے ایک سال میں induct کریں گے وہ بھی non formal schools میں ۔ جناب non-formal school جانتے ہیں مجھ سے زیادہ کہ ایک سکیم چلی ہوئی ہے کسی حد تک کامیاب بھی ہے کہ وہ بلڈنگ پر زور نہیں دیتے، عمارت نہیں بنواتے ، بڑی میز کرسی کا اہتمام نہیں کرتے باقاعدہ ٹیچر کا انتظام نہیں ہے بلکہ ٹیچر کو ایک ہزار روپیہ دیتے ہیں اور جو جگہ مل جائے، مسجد مل جائے، کسی کا گھر مل جائے، کسی کا صحن مل جائے وہاں وہ تعلیم شروع کروا دیتے ہیں اس کو non-formal education کہتے ہیں اور پرائمری تک وہ جانا چاہتے ہیں۔ ابھی ان کے پانچ سال نہیں ہوئے لیکن خدا کرے کہ ہو جائیں تو اس سسٹم میں جناب والا ! وہ چاہتے ہیں کہ پہلے سال میں 70 ہزار مدرسے اگر انہوں نے مزید ڈالے تو 1.95 بلین روپے درکار ہونگے۔ دوسرے سال میں ان کے اندازے کے مطابق یا ان کی خواہش کے مطابق 80 ہزار نئے بچے ڈالنا چاہتے ہیں اور اس کا خرچ ہوگا چونکہ پچھلے سال کے 70 ہزار مدرسے چل رہے ہونگے 3.7 بلین جناب۔ اس سے اگلے سال میں جناب والا ! باقی بچے جب آجائیں گے تو وہ 4.7 بلین کا خرچہ سال کا ہو جائے گا۔ پھر وہ اس کو کم کرنا شروع کریں گے دو سال تک اور پھر کہیں جا کر level up کریں گے ۔جناب پہلے تین سال کا ہی خرچ آپ نے دیکھا کہ 10 بلین کے قریب روپیہ چاہیے ہوگا جس کا کوئی provision اس سال میں بھی 1.3 کا provision نہیں ہے۔ اگلے سال کا تو اللہ کو معلوم ہے۔

Mr. Presiding Officer : Aali Sahib, now something about Northern Areas and FATA, because your resolution says that you want to discuss the education policy with special reference to FATA and Northern Areas.

Mr. Jamiluddin Aali : Sir, I am coming to that, first I am talking of these organised areas, I am coming to that

وہاں تو نہ ہونے کے برابر ہے یہ تو جہاں ہو رہا ہے اس کی میں بات کر رہا ہوں تو یہاں کے لئے بھی روپیہ مجھے نظر نہیں آتا کہ اس سال ہے۔ تو اگلے سال کا کیا کہیے، فاٹا کی طرف بھی آتا ہوں ۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر : عالی صاحب فاٹا تک پہنچتے پہنچتے آپ کا ٹائم ختم ہو

جائے گا۔

جناب جمیل الدین عالی : انشااللہ جناب ٹائم تو پہلے بہت ختم ہوتا رہا ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر : میں عرض کر دوں کہ رول 128 کے تحت mover ہونے کی حیثیت سے آپ کے لئے آدھا گھنٹہ ہے اور اس میں سے پچیس منٹ ہو چکے ہیں۔

جناب جمیل الدین عالی : جناب پچیس سکینڈ کی طرح گزرے ہیں۔ جناب والا! چھ مہینے گزر گئے اس ریزولیوشن کو move کئے ہوئے چھ مہینے کے بعد مجھے موقع مل رہا ہے یہ بات کہنے کا۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر : پلیز اب اس کو ختم کرنے کی کوشش کریں۔

جناب جمیل الدین عالی : بہت اچھا مجھے آپ چھ سات منٹ دیجیئے۔ جناب میں بہت اہم بات کر رہا ہوں۔ میری رائے میں اہم ہے آپ جیسا بھی تصور فرمائیں۔ پچھلے دنوں ملک معراج خالد صاحب کی صدارت میں جناب پرائم منسٹر صاحب نے ایک ٹاسک فورس بنائی کہ immediately اس کا deliberation ہو اس کے آپس میں مذاکرات ہوں، وہ لوگوں کو بلائیں اور مشورہ کریں اور مجھے رپورٹ دیں اور ملک معراج خالد صاحب نے قیمتی تین دستاویزات پرائم منسٹر صاحب کی خدمت میں بہت جلد پیش کر دیں۔ ان میں سے دو تو خلاصے ہیں پچھلے پچاس سال کی جو پالیسیاں بنی ہیں نو پالیسیاں بنی ہیں اور عمل کسی پر نہیں ہوا اور ایک پنجاب ایجوکیشن پالیسی کے عنوان سے ڈاکومنٹ ہے وہ انہوں نے منظور کیا کہ اگر اس کو سب صوبے اختیار کر لیں اور وزیر اعظم صاحب منظور فرما دیں تو اس کو جاری کر دیا جائے۔ حالانکہ تمام صوبوں کے لئےوہ پالیسی ٹھیک نہیں ہے لیکن پھر بھی اگر وہی منظور ہو کر چلی جاتی کہ آپ اپنے اپنے مقامی حالات کے مطابق ترمیم کرتے ہوئے اس کو جاری کریں اور نافذ کریں تو اس پر کچھ کام شروع ہوتا لیکن مجھے معراج خالد صاحب نے ذاتی طور پر فرمایا، میں ریکارڈ پر آ سکتا ہوں کہ ابھی وزیر اعظم صاحب کی پچھلے دو مہینوں میں کوئی دوسری وجوہات ہوئیں یا کوئی وجہ ہے کہ وہاں کوئی فیصلہ نہیں ہو پایا اور ہمیں امید کرنی چاہیے کہ جونہی یہ بحران ختم ہو گا ۔وہ پہلی ترجیح اس موضوع کو دیں گے اور تعلیم کے بارے میں ملک معراج خالد صاحب کی سفارشات پر عمل کریں گے، کچھ احکام تو جاری کر دیں گے۔ حالانکہ میں نہیں سمجھتا کہ ان سفارشات کے لئے جو

روپیہ درکار ہے جناب والا! وہ ملے گا۔ چونکہ اب آپ نے time بہت restict کر دیا تو میں بہت جلد جلد بات عرض کروں گا۔

جناب والا! ایک وقت اقراء سرچارج تھا' 1985 کے بجٹ سے اقراء سرچارج 5% imports پر شروع ہوا تھا۔ وہ ایک طرح کی import کی ڈیوٹی تھی ۔ وہ 1994 تک چلا مگر وہ جناب consolidated fund کا حصہ بنا دیا گیا۔ ہر گورنمنٹ نے جو 1985 سے 1994 تک رہی 'اقراء کے تصور کے ساتھ اور لفظ کے ساتھ زیادتی کی اور تعلیم کے تصور کے ساتھ اور تعلیم کے نظام کے ساتھ اقراء سرچارج کا الگ فنڈ نہیں بنایا جو کہ بنانا چاہیے تھا۔ انہوں نے کتنے روپے جمع اور خرچ کر دیئے 'میں آپ کی خدمت میں عرض کرتا ہوں صرف ایک سیکنڈ میں کہ اس میں کوئی 6800 کروڑ کے قریب 1985 سے 1994 تک جمع ہوئے۔ وہ جناب اس consolidated fund میں غرق ہو گئے۔ پھر اس کے بعد import duty سے اقراء کا سرچارج ہی بند کر دیا گیا۔ اور میں تجویز کرنے والا ہوں کہ اقراء سرچارج اب income tax کے ساتھ وصول کیا جائے۔ میں نے ایک پوری سکیم بنائی ہے ۔میں وہ ہاؤس میں پیش کروں گا تو وہ اقراء سرچارج بھی گویا ایک طرح سے غرق ہو گیا' الگ ایک فنڈ نہیں بن سکا۔ یہ تھے جناب والا! مقداریات کے متعلق بہت ہلکے سے اشارے' کیونکہ جناب نے میرا وقت بہت کم کر دیا یا جو بھی ہے ' آپ نے حکم دے دیا ہے میں اس کو مانوں گا۔

اب جناب quality کا مسئلہ ہے تو quality کا تو میں آپ سے چاہوں گا کہ میرے motion کو defer کر کے' کسی اگلی بار اجازت دیجیئے۔ Quality پر نہ صرف مجھے بولنا ہوگا بلکہ اور بہت سے حضرات کو بہت بولنا ہو گا کہ quality میرے پاس اس کے international معیار ہیں۔ قائد اعظم کا ایک فرمان ہے وہ میں ضرور پڑھوں گا کہ ساری quality ہماری education کی govern ہونی ہے۔ قائد کے ایک فرمان سے ۔جناب والا! اور ہونی چاہئیے جوکہ مذہبی طور پہ بھی' قرآن و حدیث کے مطابق بھی ہے۔ جدید ترین معیارات تعلیم کے مطابق بھی ہے۔ آپ دیکھیں 1947 میں قائد نے کیسی بات سوچی تھی' کتنی comprehensive بات کہی تھی۔ میں آپ کو پڑھ کے سناتا ہوں۔ یہ 1947 میں جو قائد نے تقریر فرمائی تھی اور کمیشن کی رپورٹ میں آئی 'اس میں سے اقتباس ہے ' آپ کی خدمت میں پیش کر رہا ہوں چونکہ قائد کی تقریر ہے' اس لئے امید ہے آپ مجھے وقت ضرور دیں گے۔ صرف ایک دو فقرے ہیں۔ جناب والا! یہ ہے کہ:

"That the system of education should suit the genius of our people consonent withour history and culture and still the highest sense of honour, integrity, resposibility and selfless service to the nation. It should also provide scientific and technical knowledge to build up our economic life"

تو جناب یہ اس کانفرنس میں قائد کا پیغام پڑھا گیا تھا اور شاید انہوں نے خود تھوڑی سی دیر اس کو خطاب بھی فرمایا تھا اور پھر یہ رپورٹ میں آیا تو یہ quality کی basic guide lines جس پر میں جناب والا! چاہوں گا اگر مجھے وقت نہ ملا تو میرے احباب اس پر گفتگو ضرور فرمائیں۔ Quality کا بہت بڑا مسئلہ ہے' اس پہ UGC کی ایک تازہ ترین رپورٹ میرے پاس ہے University Grants Commission کی۔ اب اگر اجازت دیں تو میں اس میں سے کچھ تھوڑی تھوڑی' بلکہ وہ اتنی زیادہ ہے اس پر مجھے وقت چاہئیے ہو گا' کم از کم دس منٹ کہ میں نہیں چاہوں گا کہ اس کو ضائع کروں۔ میں کسی اور موقع پر----------

Mr. presiding Officer : Please, try to conclude now.

جناب جمیل الدین عالی۔ بہت اچھا تو جناب والا! اب میں تو conclude کر رہا ہوں تو بالکل ناتمام سی بات میں کر رہا ہوں مگرمیرے اور resolutions آنے والے ہیں۔ میں ان موقعوں سےفائدہ اٹھا کے اس پر بات کرنا چاہوں گا۔ اب میں خصوصی طور پر ذکر کرنا چاہتا ہوں ' FATA کا اور Northern area کا کہ جناب والا! کوئی باقاعدہ انتظام یعنی non-formal education کا بھی' ہم رپورٹ دیکھتے ہیں کہ نہ تو وہ فاٹا میں ہے نہ tribal areas میں ہے۔ آخر حکومت کی کوئی نہ کوئی ذمہ داری تو ہے جیسے اور ذمہ داریاں قبائلی علاقے سے نبھاتی ہے اور فاٹا سے' تو وہاں کے بچوں کو تعلیم دینی ہے اوروہاں کے adults کی خواندگی کے لئے جبکہ یہ لوگ چاہتے بھی ہیں یا تو فاٹا والے اور قبائلی علاقے والے کہتے ہیں کہ ہمیں تعلیم نہیں چاہئیے۔ نعوذ باللہ وہ کبھی نہیں کہہ سکتے' ہم قرآن کے حکم کے خلاف ہیں' وہ کبھی نہیں کہہ سکتے کہ اقراء کو نہیں مانتے' نعوذ باللہ کوئی نہیں کہہ سکتا۔ وہ تعلیم چاہتے ہیں' وہ خواندگی چاہتے ہیں' وہ اعلیٰ تعلیم تک چاہتے ہیں۔ یہ آپ کو بھی معلوم ہے' مجھ کو بھی معلوم ہے لیکن مجھے حیرت ہے کہ حکومت پاکستان یا 'میں حکومت سرحد کی ذمہ داری نہیں لوں گا اس نے اب تک فاٹا سے اور ناردرن ایریا

سے باقاعدہ مذاکرات کیوں نہیں کئے کہ وہ کس طریقے سے وہاں جائیں اور کیوں اتنی مشکلات ہیں ۔ یہ ہماری پالیسی کا ایک definite حصہ ہونا چاہیے۔ اور مجھے امید ہے کہ یہ موجودہ حکومت اور خاص طور پر جناب محترم غوث علی شاہ صاحب جن کی میں بڑی عزت کرتا ہوں اور میں سمجھتا ہوں کہ راجہ صاحب ان تک میری بات بھی پہنچا دیں گے کہ وہ آج کی تقریر منگوا کر دیکھ لیں۔ میں سمجھتا ہوںکہ یہ لوگ ضرور فاٹا میں اور قبائلی ایریا میں جاکر مذاکرات کے زریعے تعلیم اور خواندگی' جو سب سے بڑی چیز ہے اس پر گفتگو کریں گے ۔ وہاں آپ دیکھیں گے جناب والا کہ ہمارے اخراجات کا یعنی .00001% بھی ہم ان کو نہیں دے رہے ہیں نہ ان پر خرچ کر رہے ہیں میں نہیں جانتا کہ وہاں اندر کیا ہو رہا ہے ۔

Mr. Presiding Officer: Please take your seat now Hafiz Fazal Muhammad.

(interruption)

جناب جمیل الدین عالی: نہیں جناب والا مجھے آخر میں چار فقرے کہنے کی اجازت دی جائے میں چھ مہینے سے انتظار کر رہا تھا اس دن کا۔ مولانا صاحب ایک منٹ بیٹھ جائیں ۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر ۔ حافظ صاحب کے بعد عبدالرحمان صاحب بولیں گے ۔جی حافظ صاحب Please take your seat Mr. Aali. Point of Order! Please take your seat Mr. Aali He is on a point of order yes Hafiz Fazal Muhammad first yes عالی صاحب تشریف رکھیں۔ رول 128 کا مطالعہ فرمائیں۔جی حافظ صاحب۔

حافظ فضل محمد ۔ بسم الله الرحمن الرحيم ۔ الحمدالله وكفا والسلا م الا عباده الذين نستفا اما بعد اعوذبالله من الشيطان الرجيم۔ بسم الله الرحمن الرحيم ۔ قل هل يستوى الذين يعلمونا والذين لا يعلمون انما تذكرو الوباب صدق الله العظيم۔ جناب چیئرمین! انتہائی اہم اور حساس موضوع ہے اور مجھے ذاتی طور پر اس موضوع سے انتہائی دلچسپی ہے اور ایک لحاظ سے مجھے دکھ بھی ہوا ہے کہ یہ موضوع آتے ہی ایوان خالی ہو گیا ہے۔یہاں ہمارے ساتھی اس پر توجہ بھی نہیں دیتے ۔

Mr. Presiding Officer : Order please.

حافظ فضل محمد: بہرحال ایک وہ علم ہے۔ علم ہے کیا اور اس کے مقاصد کیا ہونے چاہئیں اور علم کے حصول کے بعد اس شخص پر کیا آثار نمودار ہونے چاہئیں اور اس شخص سے پوری دنیا کو، معاشرے کے افراد کو کیا فوائد پہنچنے چاہئیں ۔ جہاں تک علم کا تعلق ہے عام دانشور علماء علم کو دو حصوں پر تقسیم کرتے ہیں ۔ کہ یہ علم معاد ہے ایک علم المعاش ہے یعنی علم کا ایک وہ حصہ ہے جس سے انسان کی عبادات اور وہ انسان کے تعلق معلیٰ سے وابستہ ہے اور علم کا دوسرا حصہ وہ ہے جس سے تسخیر کائنات، جس سے کائنات کا تصرف، جس پر کائنات پر قبضہ جمانا اور اس پر قبضہ لینا یعنی دنیاوی امور سے متعلق ہے۔ یہ دونوں علوم درحقیقت یہ اسلامی علوم ہیں جناب عالی ۔ آپ بہتر جانتے ہیں کہ ایک زمانے تک پوری دنیا جہالت کے انتہائی سخت اندھیروں میں ڈوبی ہوئی تھی اور آج بھی وہ دنیا اس پر مقر ہے یہ اقرار کرتی ہے کہ عالم اسلام یعنی امت مسلمہ ہی نے ہمیں انسانی تہذیب ، انسانی طرز معاشرہ، انسانی آداب، انسانی اخلاق، انسانی طرز بود وباش ہم کو سکھایا۔ آج بھی وہ کتابیں موجودہ ہیں۔میرے پاس یہ کتابیں موجودہیں حوالے موجود ہیں کہ یورپ کے دانشور، مغرب کے وہ دانشور انتہائی تعصب کے باوجود یہ اقرار کیے بغیر نہیں رہ سکے کہ اگر مسلمان مغرب کو نہ پہنچتے تو آج بھی عالم مغرب ان ہی اندھیروں میں رہتا جو 2000 سال پہلے ہوا کرتے تھے۔

جناب والا! اسلام کے حوالے سے علمائے وقت نے گزشتہ ادوارمیں جو علمی کارنامے سرانجام دیئے ہیں وہ بھی آپ جانتے ہیں کہ تاریخ کا حصہ ہیں ۔ ہر شعبے میں یعنی سائنس میں ، ریاضی میں، طب میں نمایاں اور بہترین کارنامے سرانجام دیئے لیکن افسوس کہ آج پاکستان سمیت جتنے اسلامی ممالک ہیں ان میں علم کی قدردانی نہیں ہے۔ ان کی نظر میں علم کی کوئی وقعت نہیں ہے۔ اس زمانے میں خزانے نہیں ہوا کرتے تھے پھر بھی جن حکمرانوں کی علم سے دلچسپی ہوا کرتی تھی انہوں نے اپنے سرکاری وسائل کے ذریعے سے بہت سے کارنامے سرانجام دیئے۔ حقیقت میں بہت بڑی حد تک ہمارے پاس وسائل بھی ہیں۔ اگر علم کے لئے ہم اپنے وسائل کا بڑا حصہ مختص کریں تو یقیناً آج بھی پوری دنیا کی استاد امت مسلمہ بن سکتی ہے آج بھی ہم پوری دنیا کو علم کی روشنی دکھا سکتے ہیں۔

جناب والا! اس سے کوئی انکار نہیں کہ پوری دینا پر علم ہی کے ذریعے سے حکمرانی ہے ۔ آج مغرب اگر ہم پر بدمعاشی کرتا ہے آج مغرب اگر اقتصادی لحاظ سے، تہذیبی لحاظ سے ،

معاشرتی لحاظ سے یعنی ہر لحاظ سے ہم پر مسلط ہے، تو اسی وجہ سے ہے کہ ان کے پاس ٹیکنالوجی ہے، فنی مہارت ہے، علمی مہارت ہے۔ ان کے پاس علمی ادارے ہیں۔ اسی لئے وہ ہم پر مسلط ہیں۔ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے دور میں ' اسلام سے پہلے کا معاشرہ' اس کا مطالعہ کریں تو اس میں آسمان و زمین کا فرق ہے۔ یقیناً وہ درندے تھے۔ وہ انسانیت کے دائرے سے مکمل باہر تھے لیکن اس علم کی روشنی سے وہ پھر پوری دنیا کے رہبر بن گئے ' رہنما بن گئے ' خدا ترس بن گئے۔ آج بھی فاٹا کے خصوصی حوالے سے وہاں جو قتل اور ڈکیتی ہے یعنی جہالت کے جو آثار وہاں موجود ہیں وہ اس وجہ سے ہیں کہ وہاں تعلیم کی سہولتیں نہیں ہیں وہاں سمگلنگ کی شکایت عام ہے۔ اگر وہاں تعلیم عام کی جائے تو پھر یہ شکایت بھی ضرور کم ہو جائے گی۔

جناب والا! بنیادی طور پر علم کا مقصد نوکری نہیں ہونا چاہیئے ۔ ابوالکلام کا قول ہے کہ خدایا یہ دن بھی دیکھنے پڑے کہ لوگ علم نوکری کے لئے حاصل کرتے ہیں ۔ علم کے بنیادی طور پر تین مقاصد ہونے چاہئیں معرفت رب' تہذیب نفس ' تنظیم دنیا یعنی اپنے علم کے ذریعے سے پوری دنیا کو مزین یعنی آراستہ اور شائستہ بنا دے ۔ آج کل پوری دنیا میں رونق علم کی برکت سے ہے لیکن ہمیں اپنی ہر حکومت سے یہی شکوہ رہا ہے کہ ہمارا نصاب تعلیم یقینا انتہائی ناقص ہے اور ہمارا ماحول بھی انتہائی ناقص ہے ۔ جناب والا! مدارس کے بارے میں آج بہت کچھ کہا جاتا ہے لیکن آپ جانتے ہیں کہ جہاں کہیں بھی کوئی ڈکیتی میں پکڑا جاتا ہے تو وہ یا تو کسی کالج سے فارغ التحصیل ہوتا ہے یا کسی یونیورسٹی سے ۔ استاد اور شاگرد کے درمیان جو ایک مقدس رشتہ ہوا کرتا تھا یہ آج ہمارے تعلیمی اداروں سے باہر نکل جاتا ہے ۔ آج ہمارے استاد کے ساتھ شاگرد کا جو رویہ ہے وہ انتہائی ہتک آمیز اور توہین آمیز ہے لہذا اس معاشرے میں تعلیم کیسے ترقی کرے گی ۔ استاد کی کسی طرف سے بھی حوصلہ افزائی نہیں ہے ۔ جب کسی آدمی کو اچھی نوکری نہیں ملتی پی آئی اے میں یا سوئی گیس میں یا مواصلات میں نہیں ملتی تو پھر وہ مجبور ہو کر کہیں ٹیچر بن جاتا ہے ۔ دوسرے ممالک میں ہم دیکھتے ہیں کہ انہوں نے اس بنیاد پر ترقی کی کہ استاد کی حوصلہ افزائی کی گئی' استاد کو سہولتیں دیں اور اس کا مقدس مقام اسے دیا۔

جناب عالی ! ہمارے موجودہ تعلیمی اداروں میں بہت بڑے نقص موجود ہیں ۔

اسلامی اخلاقیات ' اسلامی تربیت ' اسلامی طرز انداز ہم نے باہر نکال دیا ہے۔ یہ وہی سلسلہ ہم چلا رہے ہیں جو انگریزوں نے اسلامی تعلیمات کی ضد کی بنیاد پر شروع کیا۔ ایک باقاعدہ علیحدہ تعلیمی ماحول اور تعلیمی ادارے بنا دیئے ۔ جناب! اگر آج بھی انہی اداروں میں اسلام کی اخلاقیات ' اسلام کے عقائد اور اسلام کے اخلاقی نظام کو آپ اندر لے جائیں گے تو یقیناً اس سے بیک وقت جو عالم فارغ ہو جائے گا وہ مہذب النفس بھی ہو گا' وہ ایک شائستہ انسان اور شائستہ مسلمان بھی ہو گا۔ ورنہ جناب اس نصاب تعلیم کے بارے میں آپ بہتر جانتے ہیں ۔اس نصاب تعلیم کے بارے میں اس شخص کے اپنے رواج موجود ہیں' جنہوں نے اس نصاب تعلیم کی تربیت دیا ہے ۔ لارڈ میکلے نے کیا کہا ۔ اس نے جناب یہ کہا' اب بھی میرے پاس وہ کتابیں موجود ہیں' اس نے کہا کہ میں نے ایسے نصاب تعلیم کو ترتیب دیا ہے جس کو پڑھنے کے بعد اگر وہ خالصتاً عیسائی نہ بن جائے ' خالصتاً مغربی نہ بن جائے تو وہ صحیح طریقہ سے مسلمان بھی نہیں بن سکتا ہے ۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر۔ تقریر ختم کرنے کی کوشش کیجئے گا۔

حافظ فضل محمد ۔ ہاں جناب بس مختصر ۔ یہ انتہائی میری دلچسپی کا موضوع ہے اسی لئے میں جلدی جلدی بات کر رہا ہوں ورنہ اس پر میں دو گھنٹے بھی بول سکتا ہوں ۔

جناب عالی! حقیقت یہ ہے کہ ہمیں ہر لحاظ سے تعلیمی نقائص نکالنے ہوں گے۔ اگر ہم نے دنیا کے لئے' اپنے ملک کے لئے کچھ کرنا ہے ۔اپنے ملک کو دنیا سے روشناس کرانا ہے' اپنا ایک بہترین شائستہ مہذب معاشرہ دنیا کو دکھانا ہے تو ہم نے تعلیم اور تعلیمی ماحول اور تعلیمی نصاب یہ سب کچھ ٹھیک کرنے ہیں۔

جناب عالی! اس پر بھی ہمیں انتہائی دکھ ہے کہ ہمارے ملک میں ایک طبقاتی نظام تعلیم ہے۔ جناب اس پر ہم حیران ہیں۔ اس کی دلیل کی بھی کوئی ضرورت نہیں ہے ۔ایک غریب کے بچے کے لئے ٹاٹ کا سایہ میسر نہیں ہے ۔اس کے لئے دس روپے والی کتاب میسر نہیں ہے۔ جناب عالی! کن بڑے لوگوں کے بچے سونے کا چمچہ منہ میں لے کر پیدا ہوتے ہیں۔ ابتداء ہی میں 'الف' 'ب' کو وہاں پڑھتے ہیں جو airconditioned محلات ہیں' جو airconditioned تعلیمی ادارے ہیں اور وہاں اردو کا نام و نشان بھی نہیں ہے 'وہاں اللہ کا نام و نشان بھی نہیں ہے 'وہاں کتاب بھی نہیں۔ جناب ! جس ملک کے بنانے کے لئے آپ بہتر جانتے ہیں کہ کتنے

لاکھوں مسلمانوں نے، کتنی ماؤں نے، کتنے ہمارے بزرگوں نے کتنے جوانوں نے قربانیاں دیں لیکن ہمارے ملک میں جو اہم تعلیمی ادارے ہیں وہاں کا تعلیمی انداز یہ ہے کہ وہاں ، اس نظام تعلیم سے، نصاب تعلیم سے ،اس ماحول تعلیم سے خدا کو نکال دیا ہے تو پھر اس سے اچھے انسان نہیں نکل سکتے۔

جناب عالی! تعلیم وہ ہونی چاہیئے جس سے آدمی ایک مہذب انسان، ایک شائستہ انسان ، ایک خوب سیرت انسان بن جائے ، ایک اعلیٰ سائنس دان بھی ہو ایک مہذب انسان بھی ، ایک اعلیٰ انجینئر بھی ہو ایک مہذب انسان بھی ہو ، ایک راسخ العقیدہ مسلمان بھی ہو جس کے اندر اسلام کوٹ کوٹ کر بھرا ہوا ہو وہ اسلام کے حوالے سے ایک لیڈر بھی ہو۔ جناب عالی! ایک طرف اگر ایک بہترین ڈاکٹر ہو تو دوسری طرف سے ایک اچھا مسلمان ،ایک اچھا پاکستانی، ایک اچھا انسان بھی ہو ۔جناب ہمیں یہی شکایات ہیں اور یہ حقائق ہیں ۔اسی لئے ہمارے تعلیمی اداروں سے وہ نتائج برآمد نہیں ہو رہے ہیں بلکہ نتائج تو سو فیصد منفی ہیں یعنی اسی کی ضد ۔ تعلیمی اداروں سے جو ہماری توقعات وابستہ ہیں ان کے برعکس وہ لوگ نکلتے ہیں جو ہمارے کسی کام کے نہیں ہیں ۔اسی لئے لارڈ میکالے نے کہا تھا کہ اس نصاب تعلیم سے تو ایک ہمارے نظام کے چلانے والے کوئی کلرک تو نکل سکتے ہیں لیکن کوئی شاہ ولی اللہ ، کوئی امام غزالی، کوئی امام راضی، کوئی ابن سینا ، کوئی ہمارے جید فلاسفران جو گزرے ہیں وہ نہیں نکلتے ہیں۔ یہ بھی ایک انتہائی ظلم ہے ۔ علماء ہی کے خلاف یہ باتیں ہوتی ہیں کہ یہ تنگ نظر ہیں جناب عالی! میرا عقیدہ بھی ہے ،بصیرت بھی ہے اور میرا مطالعہ ہے کہ یہ اسلام کا انسان ہے ۔پوری دنیا میں جو لوگ مخلوق کی پوجا کرتے تھے ،مخلوق کے سامنے گر جاتے تھے، مخلوق کی حمیتوں کے سامنے گرتے تھے، لیکن یہ اسلام کی تعلیمات تھیں کہ جس نے انسان کو یہ تصور دیا، یہ عقیدہ دیا، یہ احساس برتری دلایا کہ،

وسخر لکم مافی اسموات وما فی العرض جمیعاً منہ

یہ اللہ کا کلام ہے اور اس کا مختصر ترجمہ یہ ہے کہ پوری کی پوری کائنات کی بھلائی اور کائنات کے نیچے یعنی زمین اور آسمان اور ان کے درمیان جو کچھ ہے، یہ تمہارے لئے مسخر ہے، یہ تمہارے فائدے کے لئے ہی پیدا کردیا گیا ہے۔ یعنی تسخیر کائنات کا تصور تو اللہ نے ہمیں دیا اور یہ ترغیب بھی دی، یہ احساس بھی دلایا کہ پوری کائنات میں۔۔۔اسی لئے تو علامہ اقبال کہتے ہیں،

محبت مجھے ان جوانوں سے ہے
ستاروں پہ جو ڈالتے ہیں کمند

مسلمانوں کے عزائم تو اس طرح بلند ہونا چاہیئں کہ تسخیر کائنات کریں۔

Mr. Presiding Officer: Mr. Abdur Rehman, now.

حاجی عبدالرحمٰن: شکریہ چیئرمین صاحب! جناب پہلی بات تو یہ ہے کہ ہمارے وزیر تعلیم ہی یہاں پر نہیں ہیں تو ہم کس سے بات کریں۔ جناب ان کو تو ابھی یہاں ہونا چاہیئے۔

Mr. Presiding Officer: Order please.

حاجی عبدالرحمٰن: نہیں جناب ہماری بات ختم ہوجائے اور پھر وہ آئیں تو پھر وہ کس کس سے بات کریں۔ جناب یہ فاٹا اور ناردرن ایریا کے بارے میں بات ہے اور ان کو اتنی فکر نہیں ہے۔ہاں اگر کسی صوبے کے بارے میں بات ہو رہی ہوتی ----

راجہ محمد ظفر الحق: جناب میں نوٹس لے رہا ہوں۔

حاجی عبدالرحمٰن: جناب وزیر صاحب ہمیں چھوڑ کر چلے گئے ہیں' انہوں نے تو اتنی توجہ اس کو نہیں دی۔

راجہ محمد ظفر الحق: قومی اسمبلی سے ان کو بلوایا گیا ہے۔ پندرہ منٹ کے لئے انہوں نے کہا ہے' پانچ منٹ تو ہوچکے ہیں' وہ دس منٹ میں آتے ہوں گے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: آپ تقریر فرمائیے۔ ظریف مندوخیل صاحب آپ تشریف رکھیئے۔ اگر راجہ صاحب کے پاس بیٹھنا چاہتے ہیں تو بیٹھ جائیے۔ عبدالرحمن صاحب آپ تقریر فرمائیں' راجہ صاحب نوٹس لے رہے ہیں' قومی اسمبلی سے ان کو بلایا گیا ہے' ابھی آ رہے ہیں۔ جی جناب۔

حاجی عبدالرحمٰن: جناب چیئرمین! بہت شکریہ۔ میں عالی صاحب کا بہت مشکور ہوں کہ کم از کم انہوں نے ناردرن ایریا اور فاٹا کو یاد کیا۔ اس بارے میں ہمیں بھی یہ موقع ملا کہ ہم کچھ بات کرسکیں۔ فاٹا کو 'ناردرن ایریا کو تو ہم ملک کا حصہ ہی نہیں مانتے۔ یہاں جب بھی بات ہوتی ہے' چاروں صوبوں کی ہوتی ہے' وفاق کے ساتھ ملحق ہو کر فاٹا کو بالکل ignore کیا ہوا ہے۔ وہاں کی تعلیم کا معیار اگر دیکھا جائے تو آپ کو خود پتہ لگ جائے گا کہ وہاں تعلیم ہے یا

جہالت کی تعلیم دی جا رہی ہے۔ فاٹا کا بجٹ میں یا ان کا حصہ تعلیم میں تو بالکل نہیں ہے، دوسری چیزوں میں بھی نہیں دیا جا رہا ہے۔ وہاں جو تعلیمی نظام ہے، ہم حیران ہیں کہ فاٹا کو تو کہتے ہیں کہ یہ Federally Administered Area ہے۔۔۔۔

Mr. Presiding Officer: Order please. No crossing of the line, Mandokhel sahib.

حاجی عبدالرحمٰن: قبائل کو تو وفاق کے ساتھ ملحق کیا ہوا ہے لیکن کسی لحاظ سے بھی، وفاق کو قبائل کی کوئی فکر نہیں ہوتی، نہ ان کو وہ ان کا حصہ دیتے ہیں، نہ ان کے بارے میں کبھی کسی نے سوچا ہے۔ تعلیم کے بارے میں وفاق کا جو نظام ہے، جو سسٹم ہے، وہی ہمارے ہاں بھی ہونا چاہیئے کہ ان کے قبائل وفاق کے ساتھ ملحقہ ہیں۔ ہمیں قبائل کو جو حصہ دیا جاتا ہے وہ صوبائی حکومت کی disposal پر ہوتا ہے۔ پہلے تو یہاں سے جو کچھ ملتا ہے وہ میں نے آپ سے عرض کیا کہ کیا ملتا ہے وہ آپ کو بھی پتہ ہے اور ہمیں بھی پتہ ہے۔ ہماری جو مردم شماری ہوئی ہے، جہاں آبادی بڑھی تھی، ہماری کم ہوگئی تھی، کیونکہ وہاں کوئی وبا یا کوئی ایسی چیز آئی تھی۔ ہمیں تو نہیں معلوم کہ وہاں کی آبادی کم ہوگئی تھی، اس کے حساب سے ہمیں حصہ ملتا ہے اور وہ بھی پورا نہیں ملتا اور جب ملتا ہے تو وہ صوبے کو دیا جاتا ہے۔ صوبے میں جہاں ان کی مرضی ہوتی ہے، صوبائی وزیر صاحب، صوبائی سیکرٹری یا وزیر اعلیٰ صاحب استعمال کرتے ہیں۔ جب وہ پیسہ فالتو ہوجاتا ہے تو پھر وہ قبائل کو دیا جاتا ہے اور قبائل میں کس طریقے سے اس کو تقسیم کیا جاتا ہے۔ پولیٹیکل ایجنٹ، قبائلی ملکوں کو مراعات دیتے ہیں اسکول کی۔ وہ ان کو راضی رکھنے کے لئے پولیٹیکل رشوتیں دیتے ہیں یہ۔ وہاں یہ نہیں دیکھا جاتا کہ کہاں ضرورت ہے اسکول کی، کس علاقے میں اسکول نہیں ہے، کس علاقے میں بچے غیر تعلیم یافتہ ہیں۔ میں آپ سے عرض کرتا ہوں، ایک گاؤں میں آپ جائیں، وہاں دیکھیں تو اس گاؤں میں ایک فرلانگ کے اندر تین تین، چار چار اسکول آپ کو نظر آئیں گے۔ وہاں ایک ملک کے گھر میں لڑکیوں کا سکول ہو گا۔ لڑکوں کا پرائمری سکول ہو گا، مڈل سکول اور ہائی سکول بھی آپ کو ملے گا لیکن اس کے 15 تا 20 کلومیٹر کے علاقے میں کوئی سکول نہیں ملے گا۔ یہاں تو یہ ہے کہ میٹرک تعلیم کے بغیر ڈرائیور کی نوکری بھی نہیں ملتی۔ تو اس لئے ہم کہتے ہیں کہ پہلے آپ وہاں پر

سکول تو بنائیں۔ جب وہاں سکول ہی نہیں ہے تو پھر میٹرک کا امتحان کیسے پاس کر سکتے ہیں۔ ہمارے ہاں ایسے سکول بھی ہیں جہاں ٹیچرز نہیں جاتے ہیں۔ یہ صرف ملکوں کے لئے مراعات ہیں کیوں کہ وہ ہر مہینے ٹیچروں کی تنخواہ لے جاتے ہیں اور ان کو کوئی پوچھنے والا نہیں ہے۔ کچھ ایسے سکول بھی ہیں جہاں پر آدھی تنخواہ استاد کو ملتی ہے اور آدھی ملک کو ملتی ہے۔ ہمارا نظام تعلیم بالکل صحیح نہیں ہے اور اس بارے میں کوئی پالیسی بھی نہیں ہے۔ ہم وفاقی حکومت سے یہ درخواست کرتے ہیں کہ قبائل بھی اس ملک کا حصہ ہیں اور اگر ان کو آپ پاکستان کا حصہ مانتے ہیں اور اس لحاظ سے کوئی حیثیت دی ہے اور ان کو نیشنل اسمبلی اور سینٹ میں نمائندگی دی ہے تو ہماری تعلیم پر کوئی توجہ فرمائیں۔ یہاں تو حال یہ ہے کہ جس کے پاس پیسہ ہے اس کے بچوں کو تو تعلیم مل سکتی ہے اور وہ اپنے بچوں کو کسی پبلک سکول میں داخل کروا سکتا ہے ' یہ تو پورے ملک کی حالت ہے۔

میری حکومت سے یہ گزارش ہے کہ وہ قبائلیوں کے علاقوں کا اس ضمن میں سروے کرے۔ قائداعظم رحمۃ اللہ علیہ نے کچھ وعدے اور معاہدے قبائلیوں سے کیے تھے لیکن ان کے وعدوں اور معاہدوں پر ابھی تک کوئی عمل نہیں ہوا۔ ان کو ملک کے دوسرے صوبوں کے لیول پر لانے کا آپ نے اعلان کیا تھا لیکن پچاس گزر گئے ہیں اور اس پر کوئی عمل نہیں ہوا۔ میں اس موجودہ گورنمنٹ سے گزارش کرتا ہوں کہ وہ اپنے قائد کے وعدوں اور معاہدوں پر اب پچاس سال کے بعد ہی عمل کرلیں تو ہم ان کے مشکور ہوں گے۔

ہم بھی اس ملک کے باشندے ہیں اور اس ملک کے لئے ہر وہ قربانی دینے کے لئے تیار ہیں جو دوسرا پاکستانی دینے کے لئے تیار ہے۔ ہم نے تو وہ قربانیاں دی ہیں جو میرے خیال میں کسی دوسرے صوبے کے رہنے والوں نے نہیں دی ہوں گی لیکن اس کے باوجود گزشتہ پچاس سال میں ہمارے حقوق کا خیال نہیں رکھا گیا۔

حافظ صاحب نے فاٹا کے بارے میں فرمایا کہ وہاں تعلیم اور جہالت کی وجہ سے ڈاکے اور چوریاں ہوتی ہیں لیکن میں کہتا ہوں کہ نہیں فاٹا میں اس وقت پورے ملک سے جرائم کم ہیں ۔ وہاں کسی قسم کی کوئی ڈکیتی اور چوری کا عنصر نہیں پایا جاتا اور نہ ہی وہاں پر پیسوں کے لئے کوئی قتل وغیرہ کا جرم ہے۔ یہاں تو آپ چلتے ہیں تو آپ کی جیب کٹ جاتی ہے لیکن یہ بات وہاں نہیں ہے۔ وہاں جہالت ہے۔ غریبوں میں تعلیم نہیں ہے۔ ان کے اپنے قبائلی فتنے ہیں ۔

اپنے قبائلی جھگڑے ہیں۔ جب تعلیم آئے گی انشاء اللہ وہ بھی ختم ہو جائیں گے۔ میں موجودہ حکومت سے یہی درخواست کرتا ہوں کہ قبائل کو بھی پاکستان کا ایک پانچواں حصہ مانا جائے اور ان کو وہ حصہ دیا جائے۔

Mr. Presiding Officer: Khawaja Qutab-ud-Din now. Haji Sahib please take your seat now. Yes Khawaja Sahib.

Khawaja Qutabuddin: Yes Sir, thank you very much, Sir, I am fully aware of the time constraint so I am going to take a very short time. The subject is very important, every body realizes the importance of education. But when it comes to application or when it comes to taking any action, no body is concerned. Now this is reflected by what we see in the House just now. When the discussion started or a minute before the discussion started, we had quite a lot of Senators sitting in the House but now we find that most of them have left this House. This shows the interest and this shows what action they would like to take on this subject.

The second point, which is very important is that in order to have a thorough discussion on this subject, I still maintain that we should be supplied with the policy documents. The policy document was framed in the previous.....

Mr. Presiding Officer: Please just a minute, I may point out to the members that the rule of crossing the line is not observed. That is very essential . We should maintain the decorum and it has become the custom to roam about in the House and just go and cross the line, that is not fair. At least we must observe the decorum and we must maintain the discipline. Yes please.

Khawaja Qutabuddin: Sir I still maintain that we should be supplied with policy document, the policy document was made when Mr. Fakhar

Imam was the Federal Minister for Education and I am sure that document is available. This should be supplied to us that is in vogue and in practice now, so that the Senators can discuss it, can study it and then suggest some improvements. The other point which I would like to make Sir, here is that we want to be Asian Tigers. Time and again the government says that we will become an Asian Tiger. But how do you become an Asian Tiger? Not just like that. The basic ingredient, the basic requirement is education. If we analyse the reasons of the countries that have become what they call themselves , Asian Tigers, the basic reason is education. What Pakistan needs today to compete with them, to be equal to them is a quantum leap in quality education.

Now , if we see the allocation that we make for education in the budget. I don't think we can ever achieve a quantum leap in quality education and I don't think that we can ever come near those countries whom we call the Asian Tigers. 2.6 % as Aali Sahib has pointed out, and if we compare in the whole region we are on the lowest rung of ladder. We are on the lowest rung of the ladder that is even Sri Lanka is spending more money on education than Pakistan is doing . In the election manifesto the Pakistan Muslim League had said that there will be universal education. People will be provided education and assistance will be provided. But I don't think how they can achieve this objective by only providing 2.6 % in the budget? What is needed most is that we must increase the allocation, we must have a very effective education policy. We should provide education according to the needs of the time. So that when people come out of the schools and colleges, when they graduate, they are absorbed in various institutions including business and investment.

Our education in the previous years were progressing but then a severe

blow was given to the education when the entire education was nationalized alongwith the industry and alongwith the financial institutions. That education was nationalized during the Peoples Party regime and today we feel and we realize that how bad a decision that was. It had thrown the country back to such an extent that even if we double and double and double our efforts, multiply our effort, even then we will not be able to make up for the time that we have lost due to this nationalization of education.

Sir, I just want to give you an example which will give an indication as to the gravity of the situation as far as the education is concerned. Normally, they say that the level, if you want to see the level of economic development of any country, you must go and see the level of the primary and secondary education and then later the college education and then the specialised education. Except for a few institutions in Pakistan, and I can name them very easily, the rest of the whole system, the rest of the schools and colleges are all in shambles.

We need to bring about a drastic improvement in this and to give you an example, in one of the seminars that I was attending about a few months back, a Japanese representative quotes that they spend about 45 % of their budget on HRD (Human Resource Developments). Now in this Human Resources Development, they also call education, I could not believe on my ears when I heard this figure. So, I again asked this question to re-confirm that have I heard correctly that it is 45%? And they said "yes, it is 45 %". And that is the reason Mr. Chairman, that Japan is one of the strongest powers, in fact, the strongest power, economically in the world today. A very small nation, you can count the people and today they are dominating the entire world. The reason is that they are very very strong in the education. They spend a lot on the improvement of

the individual, on the improvement of the people which now we call human resource development.

To give you another example, in Pakistan, everywhere we turn out about 30 to 36 Ph.D. In our neighbouring country India, the figure is about 3,500. They are ten times bigger than us. In population, in size, they may be ten times bigger than us. But look at the difference. 35 or 40 to 3,500 and above. So, what we are doing today. Inspite of all the talks, of all the rhetorics that we make about education, we hardly take any effective step to really make progress in this direction. I am glad that the province of Sindh has taken a very good step in this direction by going towards privatization of education. I think, the solution to this problem is that we should not privatize the education. We should privatize all the government schools. We should privatize all the Government colleges because wherever we see, there is a private institution. You can see the standard. For example, I would like to quote you, I would like to give you the name of the Lahore University of Management Sciences. It is a private institution. Today it is ranked amongst sixth or seventh in the whole world. It is now considered that they just equal to them, I believe. The standards are just good as Harward. Now, Harward has recognized LUMS. Now, when we are capable of having institutions like LUMS, we have demonstrated that we have the capacity and we have the expertise to create such institutions to develop such institutions. Then why can not the Government really give attention to this?

Now once again, I would like to point out here that a few minutes earlier, the Federal Finance Minister was here. He should have been listening to this but I am thankful that the Federal Minister for Education, Syed Ghaus Ali Shah is here. So, this is the primary importance for the country. And one of the most important

things that we neglect today is the women education and I think, Aali Sahib has prepared a very exhaustive report. Perhaps, if he could further develop on this aspect, half of our population is women but this sector is the most neglected sector in our country. This is having a very adverse impact on our economy, it is having very adverse impact on our production. Now, what are we going to say. We want to step into the 21st century and we see that the women education, 50% of our population is neglected, as far education is concerned. There are many other things which also are needed in this sector but education is the primary need of this sector. So, I think, the Ministries which are concerned, the women development wing and the Education Ministry must pay special emphasis on the education for women. Sir, there is a suggestion, the Federal Finance Minister is here, since the allocation towards education is decimally low or let us say very very poor then I feel we should mobilize the private sector to come forward and make up for the deficiencies.

In fact , the private sector did contribute in the previous years when the 'Iqra' surcharge was applied. A total of about 65 billion rupees were contributed by business and industry in the 'Iqra' funds but we do not know what happened to that fund, what actual amount was utilized for education. So, my suggestion now is that we should mobilize the private sector, the private sector is coming in to this field. We should give them all assistance . We should follow the example of the Sindh Government which has now launched the programme of 'adopt the school'. Now in this scheme the government is inviting the private sector , or anybody from the community to come and take the management of a government school. There is a very little difference between inefficiency and efficiency in these government schools. So, the individual or the corporate sector or any firm

or anybody who would like to come and manage the school , is going to make up for this difference. The government will continue to provide whatever assistance and grants they are giving to the school or college but that particular individual or institution will see to it that these schools and colleges are running effectively. They have a limitation probably to privatise but I think now the Government must think very seriously in privatising all these institutions. The Government should also announce or recommend to the business and industry that they should allocate at least 2% of their total turn over and devote it towards human resource development.

Now this 2% will be made tax deductable or tax exempted. Whatever amount that they spent in human resource development, that may be given to them as a genuine deduction from the tax. This is going to mobilize huge funds for human resource development which is the need of the hour.

I wish that there is so much to say on this subject, Sir, for that we need a lot of time but I would like to congratulate Senator Aali Sahib for moving this motion and bringing to the attention of this House . We need to have good, effective education in Pakistan because I feel that education holds the key to our progress and prosperity. Without education I don't think we can move an inch forward.

Mr. Presiding Officer: Syed Masood Kausar.

سید مسعود کوثر۔ شکریہ جناب چیئرمین! میں سمجھتا ہوں کہ قطب الدین صاحب نے میرا کام زیادہ تر آسان کر دیا ہے اور بہت سے ایسے نکات جو میرے ذہن میں تھے قطب الدین صاحب نے ان پر بات کی ہے ۔ جناب والا ' میں یہ سمجھتا ہوں کہ یقیناً یہ ایک انتہائی اہم مسئلہ ہے اور اس پر سنجیدگی سے بحث بھی کرنی چاہیئے تھی اور اس پر تجاویز بھی آنی چاہییں تھیں۔

بدقسمتی سے جب میں آئین کی طرف دیکھتا ہوں تو جہاں تک فیڈرل گورنمنٹ کا تعلق ہے اور جہاں تکفیڈرل لیجسلٹو لسٹ کا تعلق ہے تو اس میں ایجوکیشن کا سبجیکٹ نہیں آتا اور شیڈول میں جو سب آرٹیکل ۱۷ ہے وہ deal کرتا ہے۔

Education as Pakistani students in foreign countries and foreign students in Pakistan.

تو اس لحاظ سے مرکزی حکومت کی مداخت، جہاں تک تعلیم کا تعلق ہے، میں سمجھتا ہوں کہ نہ ہونے کے برابر ہے۔ پھر جناب چیئرمین، ہم کنکرنٹ لسٹ کی طرف آتے ہیں اور یہ وہ لسٹ ہے جس کے مطابق مرکز اور صوبے دونوں اپنا اختیار رکھتے ہیں۔تو اس میں جب میں دیکھتا ہوں تو وہاں پر بھی سوائے ۳۹ آئیٹم کے جو کہ اسلامک ایجوکیشن ہے، اس کے علاوہ ہمیں ایجوکیشن کا ذکر نظر نہیں آتا۔ تو جناب چیئرمین! میرا کہنے کا مقصد یہ ہے کہ آئین کے لحاظ سے یہ کلیتاً ایک صوبائی معاملہ ہے۔اس پر ہم بحث تو کرسکتے ہیں لیکن میں یہ سمجھتا ہوں کہ مرکزی حکومت کے دائرہ اختیار میں یہ بات بھی نہیں آتی کہ وہ صوبوں کے لئے کوئی پالیسی وضع کرسکے۔

Mr. Presiding Officer: What about the special reference to FATA and Northern Areas?

Syed Masood Kausar: Sir, I am coming to that. As far as the general application of the constitution is concerned, as far as the provinces and federation is concerned because the resolution says, "education policy and particular reference to the Northern Areas and FATA", I will come to that later. But since the resolution covers the provinces and the federation, therefore, I was of the view that rightly or wrongly as far as the constitution is concerned, the Federal Government has very little to do with the subject of education.

تو جناب والا! میں یہ عرض کر رہا تھا کہ باوجود اس کے کہ یہ ایک انتہائی اہم معاملہ ہے اور میں یہ سمجھتا ہوں کہ ہمارے ملک میں تعلیم کی کمی کی جو وجوہات ہیں شاید اس میں ایک وجہ یہی ہے کہ مرکزی حکومت نے کبھی بھی اس مسئلے کو صوبائی مسئلہ نہیں سمجھا اور صوبائی حکومتیں

مرکز کی طرف دیکھتی رہتی ہیں کہ وہ ہمارے لئے کوئی تعلیمی پالیسی بنائیں گی اور تعلیم کے معاملے میں شاید یہ ذمہ داری مرکز کی ہے ۔ ہم نے جناب والا دیکھ لیا ۔ میں اس بات سے بالکل اتفاق کرتا ہوں کہ جب تک آپ اس کو ایک قومی مسئلہ نہ سمجھیں -----

Mir Zafarullah Khan Jamali: Sir, I have a lot of respect for Barrister Masood Kausar, he is a very illustrious orator

مگر ہمیں دکھ یہ ہو رہا ہے کہ یہاں پر نہ کوئی سننے والا ہے ' نہ کوئی بات کرنے والا ہے تو یہاں پر کیا کریں جناب ۔

جناب پریزائیڈنگ آفیسر ۔منسٹر صاحب تو بیٹھے ہوئے ہیں ۔

Mir Zafarullah Khan Jamali: Sir, I think, the quorum is not there. Sir, this is a fact with a reservation because I respect Mr. Masood Kausar.

جناب پریذائیڈنگ آفیسر ۔منسٹر صاحب موجود ہیں ' منسٹر صاحب کو سنا رہے ہیں ۔ جی جناب۔

میر ظفر اللہ خان جمالی ۔ جناب مجھے صرف یہ دکھ ہے کہ کوثر صاحب کو آپ اجازت دیں تو آخر میں ہاؤس میں صرف منسٹر صاحب خالی ہاؤس کو جواب دیں گے ۔ یہاں پر ہوگا ہی کوئی نہیں ' ایسا نہ کریں جناب ۔

سید مسعود کوثر ۔ جناب میں بہت مختصر کر دوں گا ۔ ایک تاثر ہے کہ جب ہم اسمبلی میں بولتے ہیں تو شاید ہم ان لوگوں کے لئے بولتے ہیں جو یہاں بیٹھے ہوں ۔ یہ تاثر کسی حد تک تو درست ہے لیکن یہ تاثر درست نہیں ہے چونکہ یہاں پر ہم قوم کی نمائندگی کرتے ہیں اور ہماری جو باتیں ہیں ' ہم اپنی قوم تک پہنچانا چاہتے ہیں تو اس لحاظ سے اگر وہ اخبار میں ' ٹیلیویژن میں یا کسی اور میں آ جائیں تو ان تک یہ بات پہنچ جائے گی ۔

جناب والا! مجھے بار بار اپنے ہی لوگ interrupt کر رہے ہیں تو ----

Mr. Presiding Officer: No interruption please.

سید مسعود کوثر ۔ جناب کل تو یہ معاملہ نہیں take up کیا جائے گا ؟ یہ تو اگلے منڈے

تک کون جیتا ہے تیری ---

Mr. Presiding Officer: It is only a Motion under 194 . It is not a Resolution. It is not a bill . I think, we must conclude debate on this.

Syed Masood Kausar: I will just mention the points. I will not elaborate them.

تو جناب والا! میں یہ سمجھتا ہوں کہ صوبوں کو اعتماد میں لے کر' ان کو وسائل میسر کر کے' ان پر یہ ذمہ داری عائد کرنی چاہئیے کہ وہ تعلیم کو بڑھائیں چونکہ جناب والا! میں یہ سمجھتا ہوں کہ بدقسمتی سے جو سلیبس بھی صوبوں کے لئے تیار ہوتے ہیں ' ایک تو اس صوبے کے عام لوگوں کی تعلیم کو زیادہ کرنے کے لئے ضروری ہے کہ ان کی اپنی مادری زبان میں ان کو تعلیم دی جائے۔ دنیا کا آپ کوئی ملک بھی دیکھ لیں ان کو' جہاں تک پرائمری ایجوکیشن کا تعلق ہے' اپنی مادری زبان میں تعلیم دی جاتی ہے اور اس کے بعد سیکنڈری ایجوکیشن میں دوسری قسم کے وہ معاملات آتے ہیں۔ تیسری بات جناب والا! میں یہ کہوں گا کہ مجھے یہ پڑھ کر عجیب معلوم ہوا کہ اسلامک ایجوکیشن ' is there education which is Islamic and is there any education which is un-Islamic? میں تو سمجھتا ہوں کہ تعلیم بذات خود' ہر تعلیم اسلامک ہے چونکہ ہمارا ایسا مذہب ہے جو کہ ہمیں ترغیب دیتا ہے ' ہم پر فرض عائد کرتا ہے کہ ہم تعلیم کو آگے بڑھائیں۔ ہماری بدبختی ہے کہ اس ملک میں تعلیم کو دو حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے ایک دینی تعلیم ہے اور ایک دوسری تعلیم ہے ۔میں یہ سمجھتا ہوں کہ جہاں تک وہ ادارے جو دینی تعلیم بھی دیتے ہیں ان کو بھی دنیاوی تعلیم دینی چاہئیے اور جو دنیاوی تعلیم دیتے ہیں ان کو بھی دینی تعلیم دینی چاہئیے تاکہ یہ فرق ختم ہو جائے کہ جناب یہ دینی تعلیم کے مدارس ہیں اور یہ دیگر تعلیم کے مدارس ہیں۔ اسی وجہ سے ہم سمجھتے ہیں کہ اسلام ایک ایسی شخصیت کو develop کرنا چاہتا ہے جو کہ اجتماعی تعلیم سے بہرہ ور ہو اور میری یہ suggestion ہو گی کہ کسی بھی دینی تعلیم کو حاصل کرنے کے ساتھ ساتھ اس سے professional education بھی لینی چاہئیے ورنہ جناب والا! مسجدیں بنتی جائیں گی اور یہ لوگ امامت کرتے جائیں گے اور جہاں پر ہائی وے ہو گی وہاں پر tresspass ہو گا اور جگہ جگہ مساجد بنتی جائیں گی اور ان کے روزگار کا اور کوئی ذریعہ

نہیں ہو گا۔ تیسری بات جناب والا! میں یہ کہتا ہوں کہ بعض لوگوں کا خیال ہے ۔

(مداخلت)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر ۔ یہ چوتھی بات ہے۔

سید مسعود کوثر: جناب پانچویں سہی آپ کی اجازت سے' جناب میں یہ کہتا ہوں کہ بعض لوگ' قومیں جو ہیں' میں پھر وہی بات repeat کروں گا اور conclude کروں گا کہ میری ایک یورپین پارلیمنٹ کے سپیکر سے ملاقات ہوئی تو میں نے ان سے کہا کہ جناب آپ کی ترقی کا راز can you tell me only in one sentence کہتا ہے جی we always attach lot of importance to three things and I said what are those three things he said 'education', education', and 'education'. ہمارے لوگوں کو vision نہیں ہے ۔ ہماری لیڈر شپ میں آپ دیکھ لیں کہ پچھلے پچاس سال میں ہماری کیا قومی ترجیحات رہی ہیں۔ ہم نے تعلیم پر کتنا خرچ کیا اور جیسے کہ میرے ساتھی نے کہا کہ آپ ان تمام صرف ایشین ٹائیگرز کو نہ دیکھیں' آپ یورپ کے ممالک کو دیکھیں' کوئی ملک جس نے ایجوکیشن پر concentrate نہیں کیا' سو فیصد لٹریسی انہوں نے نہیں کی اور انہوں نے ترقی نہیں کی۔ ہمارے ہاں مصیبت یہ ہے کہ ایک طرف لٹریسی ریٹ 18/19/20. فیصد ہے دوسری طرف پاپولیشن کا گروتھ بڑھتا جارہا ہے۔ آج بدقسمتی سے پاکستان ان چند بد نصیب ممالک میں سے ایک ہے جو اپنی پاپولیشن کو کنٹرول کرنے میں بری طرح ناکام ہوا ہے۔ اس کے مقابلے میں آپ بنگلہ دیش کی مثال لے لیں' اس کے مقابلے میں آپ انڈیا کی مثال لے لیں' اس کے مقابلے میں آپ یہ جتنے بھی ممالک ہیں جیسے انڈونیشیا 'ملیشیا 'اور اس قسم کے تمام وہ ممالک جنہوں نے ترقی کی ہے۔ جناب والا! دو چیزیں ان کی key factor ہیں ایک کہ انہوں نے ایجوکیشن پر concentrate کیا اور اس کے ساتھ ساتھ اس کا ایک نتیجہ یہ بھی ہوتا ہے کہ آپ کی population کنٹرول ہو سکتی ہے۔ میں جناب والا! اپنے ساتھیوں کی بے چینی کو دیکھ رہا ہوں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر ۔جی Please conclude now..

سید مسعود کوثر ۔اس میں زیادہ آپ کی بے چینی بھی ساتھ شامل ہو رہی ہے۔ میں یہ سمجھتا ہوں جناب والا! کہ اس کو ایک قومی مسئلے کی حیثیت سے دیکھنا چاہیئے صرف موٹر

وے سے پاکستان ترقی نہیں کرے گا۔ اگر یہ موٹر وے کے billions of rupees سکولوں اور بچوں کی تعلیم پر خرچ کئے جائیں تو میں سمجھتا ہوں کہ پاکستان کا مستقبل اس سے روشن ہو سکے گا۔ اگر ایک قوم میں جہالت ہو، تعلیم نہ ہو تو جناب والا! اگر اس کے منہ میں سونے کا چمچ دے دیں، اس کے لئے آپ موٹروے بنا دیں، آپ اس کے لئے کچھ بھی بنا دیں، میں یہ سمجھتا ہوں کہ اس طرح قومیں ترقی نہیں کرتیں۔ جو ہمارے لیڈرز ہیں، ان کو ان ملکوں کی تاریخ پڑھنی چاہئیے، جن کے متعلق یہ کہتے ہیں کہ یہ Asian Tiger ہیں۔ وہ کیسے Asian Tiger بنے۔ وہ صرف سڑکوں سے نہیں بنتے۔ جس قوم میں تعلیم نہیں ہو گی، وہ قوم کبھی بھی نہ تو اقتصادی طور پر ترقی یافتہ ہو سکتی ہے، نہ وہ اپنے ملک کو سنوار سکتی ہے۔ میں آخر میں یہی کہوں گا کہ حکومت اور اپوزیشن کو مل کر اسے ایک قومی مسئلہ سمجھنا چاہئیے۔ یہ کسی حکومت کا مسئلہ نہیں ہے کہ جناب! یہ فلاں حکومت کی پالیسی تھی اور دوسری حکومت کی کیا پالیسی ہے۔ جب تک ہم اسے ایک قومی چیلنج کی حیثیت سے نہ تسلیم کریں اور پوری قوم اپنے وسائل کا بہت بڑا حصہ تعلیم پر خرچ نہیں کرے گی اور بامقصد تعلیم پر خرچ نہیں کرے گی اس وقت تک ہم ترقی نہیں کر سکتے۔ جناب والا! بدقسمتی سے ہمارے ہاں جو دو، تین فیصد تعلیم یافتہ لوگ ہیں انہوں نے تعلیم کو بدنام کر دیا ہے۔ اس لئے کہ باقی لوگ ناخواندہ ہیں اور وہ دو، تین فیصد لوگ minority ہے، جنہوں نے اس قوم اور اپنی تعلیم کو exploit کیا ہے اور باقی غریب لوگوں کا استحصال کرنے کی کوشش کی ہے۔ شکریہ جی۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر۔ جی تاج حیدر صاحب۔

جناب تاج حیدر۔ جناب چیئرمین صاحب! سینیٹر جمیل الدین عالی صاحب نے یہ موشن ہاؤس کے سامنے رکھا اور سینیٹر قطب الدین صاحب نے بھی بات کی ہے۔ ان دونوں معزز سینیٹروں کے بارے میں مجھے یہ عرض کرنا ہے کہ جو ان کی line of argumentation تھی، انہوں نے تعلیم کو منسلک کر دیا تھا کہ کتنی رقم تعلیم پر خرچ کی جاتی ہے۔ میں اس چیز کو ضروری سمجھتا ہوں کہ تعلیم پر رقم خرچ کی جائے لیکن ساتھ ہی ساتھ مجھے اپنے اس سکول کا خیال آتا ہے کہ جہاں میں نے دو سال ٹاٹ کے اوپر بیٹھ کر تعلیم حاصل کی، جو ایک کارخانے کے اوپر تھا۔ جہاں پر مجھ سے ایک روپیہ تیرہ آنے فیس لی جاتی تھی اور میں جہاں میٹرک کے اندر

پوزیشن لے کر آیا ۔خدا میرے اساتذہ پر رحمت کرے ' میرے ہیڈ ماسٹر صاحب مشرقی پنجاب کے ایک مہاجر تھے۔ جب میں حکومت میں شامل ہوا تو میں ان کی قدم بوسی کے لئے گیا تو انہوں نے مجھ سے ایک بات کہی کہ تاج 1947 کے اندر لاکھوں آدمی ادھر سے ادھر گئے اور لاکھوں بچے ادھر سے ادھر گئے۔ لوگ کسی طریقے سے جان بچا کر یہاں پہنچے لیکن ہم نے ایک کام کیا وہ یہ کہ کسی بچے کا ایک سال ضائع نہیں ہونے دیا ۔ ٹینٹوں کے اندر سکول لگتے تھے ' جب وہ سکول چل جاتے تھے تو ہمارے ہیڈ ماسٹر صاحب دوسرے سکول کے اندر چلے جاتے تھے اور اس طریقے سے سکول کھولے جاتے تھے جمیل صاحب' میرے استاد نے مجھ سے شکایت کی کہ اب یہ کیا کرتے ہوکہ اتنی بڑی بڑی یونیورسٹیاں بناتے ہو' اتنے پیسے خرچ کرتے ہو اور تین ' تین 'چار 'چار سال امتحانات نہیں ہوتے۔ میں جمیل الدین عالی اور سینیٹر قطب الدین صاحب سے یہ عرض کرنا چاہوں گا کہ بجٹ ضروری ہے ' لیکن بجٹ سے کہیں زیادہ یہ چیز ضروری ہے کہ ہم کس طرح سے پیسہ خرچ کر رہے ہیں اور جب تک ہم میں یہ تمیز پیدا نہیں ہوتی کہ پیسے کو کس طرح خرچ کریں ۔

(مداخلت)

جناب تاج حیدر۔ جناب جمیل الدین عالی صاحب میں نے ٹاٹ پر بیٹھ کر پڑھا ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر۔ برائے مہربانی address the Chair.

جناب تاج حیدر۔ جناب والا ! میں نے ٹاٹ پر بیٹھ کر پڑھا ہے ۔ مجھے interrupt کیا گیا۔ میں چیلنج کرتا ہوں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر۔ برائے مہربانی اپنی سیٹ پر بیٹھیں۔

جناب جمیل الدین عالی ۔مجھے سینیٹر صاحب سے اتفاق ہے مگر پیسہ ہو گا تو ۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر۔ برائے مہربانی بحث نہ کریں۔

جناب تاج حیدر ۔اور جناب چیئرمین صاحب! میں آپ کو یہ بتانا چاہتا ہوں کہ تعلیم کے سلسلے میں کسی ماہرتعلیم سے بات کرنے کے لئے یا ان سے ہدایات لینے کے لئے مجھے اپنے گھر کے گیٹ کے باہر قدم نہیں رکھنا پڑتا ۔ خدا نے مجھے ایسے گھر میں پیدا کیا ہے کہ جہاں میرے گھر کے اندر ہی تیس ہزار کتابیں موجود ہیں۔

جناب عالی! ہو یہ رہا ہے کہ ملک میں مختلف طریقہ تعلیم چل رہے ہیں۔ایک طریقہ تعلیم وہ ہے جس کے اندر بجٹ دیئے جاتے ہیں اور جو بجٹ سے منسلک ہیں کہ حکومت کتنا بجٹ خرچ کر رہی ہے' اس کا سینیٹر عبدالرحمان صاحب نے بھی فرمایا کہ آدھی تنخواہ مالک کو جاتی ہے اور آدھی تنخواہ استاد کو جاتی ہے۔ ہمیں سندھ میں اور دوسرے صوبوں میں بھی یقیناً یہی تجربہ ہوا کہ جو سکول بنائے گئے ہیں ' جو عمارتیں بنائی گئی ہیں' جو پیسے خرچ کئے گئے ہیں وہ وڈیروں کے اوطاق بن گئے ہیں اور اس میں کوئی پڑھانے نہیں آتا۔ دوسرا طریقہ یہ ہے اور میں اس پر خاص طور پر سینیٹر قطب الدین سے مخاطب ہوں کہ جو ہمارے اعلیٰ طبقے نے اپنے ادارے بنا لئے ہیں اور پیسہ خرچ کرتے ہیں اور تعلیم حاصل کرتے ہیں۔ LUMS کی مثال دی گئی۔ میرا ایک بھتیجا وہاں استاد ہے اور ایک بھانجی وہاں طالب علم ہے۔ Sir we are terribly disappointed کیونکہ یہ ایک ایسے ادارے ہیں جو صرف Multi Nationals کے لئے Chief Excutives پیدا کر رہے ہیں' ان اداروں کا کوئی مقصد نہیں ہے اس میں جو اساتذہ اور طالب علم ہیں وہ اپنے ملک کے حالات سے بالکل کٹ گئے ہیں we have lost them ۔ بلکہ میں آپ کو یہ بتاؤں کہ میری بھتیجی ایک انگلش میڈیم سکول میں پڑھتی ہے جو کہ ایک چھوٹی سی بچی ہے ' اس سکول میں ایک سوئمنگ پول ہے ' ایک دن وہ واپس آئی تو میں نے کہا بیٹا did you swim today ' کہنے لگی چاچا تالاب میں کچھ پتے پڑے ہوئے تھے اور گندا پانی تھا

and my father was shocked and he said Taj do you realise what you are doing now! here is a child who doesn't like to swim because there are few leaves in the pool and right across the school , there are children

جو کہ پلاسٹک کے کین ہاتھ میں لئے کھڑے ہوئے ہیں اور لائن لگائے ہوئے ہیں کہ وہ تالاب سے پانی بھر کر اپنے گھروں میں لے جائیں۔ یہ جو تم تفریق پیدا کر رہے ہو تم اُن بچوں کے ساتھ بھی ظلم کر رہے ہو اور تم اِن بچوں کے ساتھ بھی ظلم کر رہے ہو because islands don't exist. Island ختم ہو جاتے ہیں ۔ اس طریقے سے یہ جو تعلیمی ادارے ہیں یعنی macula clerks پیدا کیا کرتے تھے۔ اب جو بین الاقوامی مالیاتی سامراج ہیں وہ cheap managers پیدا کر رہا ہے اس لئے کہ ان کے اپنے Managers ان سے کہیں زیادہ پیسے لیں گے۔ پاکستان ایک ایسا ملک ہے جہاں سے وہ Managers trained کر کے اپنے معاشی مفاد ' اپنے مقاصد حاصل کرنا چاہتے

ہیں۔ پاکستان کی اس تیرہ کروڑ کی منڈی کو وہ کنٹرول کرنا چاہتے ہیں۔ اس مقصد کے لئے یہ ادارے کھولے گئے ہیں۔

جناب عالی ! ملک میں ایک تیسرا طریقہ بھی چلایا جا رہا ہےاور میں خاص طور پر اس میں شمالی علاقہ جات کا ذکر کروں گا ۔ وہ یہ ہے کہ ریاست جیسے جیسے اپنے ذمہ داریوں سے ہٹتی گئی ہے عوام آگے بڑھی ، عوام نے انجمن سازیاں کیں اور عوام نے اپنے ادارے بنائے ہیں۔ ان ذمہ داریوں کو، ان فرائض کو جو کہ ریاست کا فرض تھے انہوں نے اپنے اداروں کے ذریعے انہیں پورا کرنا شروع کیا اور یہ سب بڑا تجربہ Northern Areas میں AKRSP پروگرام میں ہو رہا ہے۔ جناب عالی AKRSP پروگرام یا دوسرے پروگرام ، میں وزیر تعلیم صاحب کا مشکور ہوں کہ وہ یہاں تشریف رکھتے ہیں اور میں حوالہ دینا چاہوں گا کہ ان کے اپنے علاقے میں ہماری بچیاں جس طریقے سے کام کر رہی ہیں اور انجمن سازی کر رہی ہیں اور جس طریقے سے وہ NGOs کام کر رہے ہیں اور آپ کا علاقہ دیکھنے سے تعلق رکھتا ہے کہ کس طریقے سے وہاں پر gross root پر development ہو رہی ہے۔ جناب عالی! یہ پورا ایک پیکج ہوتا ہے، یہ ایک معاشی پیکج ہوتا ہے ، multi dimentional پیکج ہوتا ہے اور تعلیم اس کا ایک حصہ ہوتی ہے ، وہ اس طریقے سے کہ پورے پورے خاندان انجمن میں شامل ہوتے ہیں ، اپنے جو وسائل ہوتے ہیں اس میں سے بچت کرتے ہیں ، اپنا ایک common fund بناتے ہیں، اپنی جو صلاحیتیں ہیں ان کو بڑھانے کا پروگرام ان کا ہوتا ہے۔ اس میں تعلیم کو ایک بنیادی رول حاصل ہوتا ہے اور بڑی چیز یہ ہے کہ وہاں پر جو عوام کے وسائل ہیں جوکہ عوام کی تنظیم کے ذریعے اپنی صلاحیتیں بڑھانے کے لئے استعمال کئے جاتے ہیں اور اس طریقے سے اس کا ایک multiplying effect ہوتا ہے۔

جناب عالی! شمالی علاقہ جات کے اندر آغا خان رورل سپورٹ پروگرام نے اس سلسلے میں بڑی کامیابی حاصل کی ہے۔ وہاں پر ایگریکچر کے اندر، وہاں ایریگیشن کے اندر ، وہاں پاور جنریشن کے اندر، وہاں ایجوکیشن کے اندر ان چھوٹی چھوٹی تنظیموں نے، جو لوگوں نے اپنے گاؤں میں بنائی ہیں، انہوں نے بہت کام کیا ہے۔ ہمیں یہ دیکھ کر اطمینان ہوتا ہے کہ اس وقت شمالی علاقوں کے اندر بچوں کی جو سکول کے اندر enrolment ہے وہ سو فیصد ہے۔ تعلیمی اعتبار سے شمالی علاقہ جات سب سے آگے ہیں۔ یہ صرف ان عوامی انجمنوں کا کام ہے جو وہاں پر کام کر رہی ہیں۔

جناب عالی! بڑی چیز یہ ہے کہ کچھ لوگ وہاں پر volunteer بن کر پہنچے۔ انہوں نے

لوگوں کو یہ بتایا کہ ان کا مفاد کس کے اندر ہے۔ انہوں نے وہاں جاکر کوئی پیسے نہیں مانگے۔ اس وقت حالت یہ ہے کہ ورلڈ بنک کے صدر ' یونیسکو کے وفد اور دنیا کے بڑے بڑے ماہرین تعلیم ٹگلت' ہنزہ' کریم آباد اور دیگر علاقوں میں آتے ہیں اور وہ دیکھتے ہیں کہ وہاں پر کیا ہو رہا ہے۔ اگر نہیں دیکھتے ہیں تو ہم لوگ نہیں دیکھتے ہیں کہ اورنگی کے اندر یا خیرپور کے اندر یا شمالی علاقہ جات کے اندر لوگ کس طریقے سے اپنے آپ کو organize کر رہے ہیں اور لوگ کس طریقے سے آگے بڑھ رہے ہیں۔ میں یہ تجویز رکھوں گا جناب وزیر تعلیم کی خدمت میں اور سینیٹر جمیل الدین عالی کی خدمت میں کیونکہ وہ ہماری ایجوکیشن کمیٹی کے چیئرمین ہیں کہ ہمیں بہت کچھ سیکھنا ہے اور اس سیکھنے کے لئے ہمیں ایشین ٹائیگرز کی طرف نہیں دیکھنا اور ہمیں واشنگٹن کی طرف نہیں دیکھنا۔ ہمارے اپنے ملک کے اندر جو تجربات ہو رہے ہیں ہمیں ان کی طرف دیکھنا ہے۔ ہمیں AKRSP کی طرف دیکھنا ہے۔ میں یہ گزارش کروں گا کہ ہماری ایجوکیشن کمیٹی کو وہاں جانا چاہیئے بلکہ بہتر یہ ہوگا کہ AKRSP کے لوگوں کو' جناب شعیب سلطان صاحب کو یہاں پر سینٹ invite کرے اور ان سے پوچھے کہ وہ کس طریقے سے اس کو کر رہے ہیں۔

جناب وزیر تعلیم صاحب' میں آپ سے یہ گزارش کروں گا کہ اب جو بھی وسائل ہمارے پاس ہیں اور جس قسم کے figures سینیٹر جمیل الدین عالی بتاتے ہیں کہ کس قسم کے وسائل درکار ہوں گے وہ وسائل ہمارے پاس نہیں ہیں اور وہ وسائل ہم مہیا نہیں کر سکتے لیکن کچھ لوگ اس ملک میں ہیں جو بہت کم وسائل کے ساتھ اس سے کہیں بہتر نتائج حاصل کر رہے ہیں۔ ان میں سے ایک شعیب سلطان ہیں جو ڈائریکٹر AKRSP کے ہیں۔ میں محترم وزیر تعلیم کو یہ مشورہ دوں گا کہ ان کو بلایا جائے اور ان سے پوچھا جائے اور ان سے یہ سیکھا جائے کہ کس طریقے سے یہ کام ہو رہا ہے ۔ اگر آپ ایسا کرتے ہیں تو میں سمجھتا ہوں کہ ایک بہت ہی اچھا کام ہے۔ میں آخر میں صرف اتنا بتانا چاہتا ہوں کہ کوئی ۲۵ سال پہلے (اپنے پختون دوستوں سے ذرا سی معذرت کے ساتھ) میں باچا خان کی خدمت میں حاضر ہوا۔ میں ان سے کہہ رہا تھا۔ میری طبیعت میں تھوڑی سی شوخی تھی' کہ آپ کو لوگ سرحدی گاندھی کہتے ہیں لیکن آپ کا مقام ان سے بڑا ہے۔ گاندھی ایک ایسی قوم کو non-violence پڑھا رہے تھے جو کہ پہلے سے non-violence پر گامزن تھی۔ آپ نے پٹھانوں کو non-violence سکھائی کہ جن کا کہنا ہے " ٹوپک زما قانون" (بندوق میرا قانون)۔ تو میں نے کہا کہ آپ کا کام کہیں زیادہ مشکل تھا۔ اتنے میں کچھ کارکن ان کے پاس

آئے۔ باچا خان بڑی محبت کے ساتھ ان سے ملے اور باتیں کرتے کرتے ان سے ناراض ہوئے۔ مجھے پتہ چلا کہ وہ اس بات پر ناراض تھے کہ اس کارکن نے اپنی بچی کو میٹرک کرنے کے بعد کالج میں داخلہ نہیں دلایا تھا۔ جناب عالی ' یہ قیادت ہوتی ہے۔ یہ جذبہ ہوتا ہے۔ میں اب ایک ایسے شہر سے تعلق رکھتا ہوں کہ جہاں پر لوگوں کے ہاتھوں سے کتابیں لے کر ان کے ہاتھوں میں کلاشنکوفیں دے دی گئیں۔ ۲۵ سال پہلے میں ایک ایسے لیڈر سے ملا تھا جس نے لوگوں کے ہاتھوں سے بندوقیں لے کر لوگوں کے ہاتھوں میں کتابیں دیں۔

اس تعلیم کو ہم نے ایک مشن کے طور پر لینا ہے۔ اس میں ہمیں وسائل کی کمی کا بہانہ بنانا ہی نہیں کہ جب تک وسائل نہیں ہوں گے تو ہم تعلیم نہیں حاصل کر سکتے۔ نہیں ' محدود وسائل کے اندر' لوگ اسی ملک کے اندر کام کر رہے ہیں۔ ہم میں سیکھنے کی تڑپ ہونی چاہیئے۔ ہمیں صحیح معنوں میں طالبعلم ہونا چاہیئے۔ انشاء اللہ یہ مسائل حل ہو جائیں گے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: ڈاکٹر محمد اسمٰعیل بلیدی۔

ڈاکٹر محمد اسمٰعیل بلیدی: شکریہ جناب چیئرمین! یہ انتہائی اہم مسئلہ ہے ملک کے لئے۔ مجھے بہت افسوس ہے کہ فاٹا والوں کے لئے ایک اہم مسئلہ تھا۔ وہ اس ہاؤس میں موجود نہیں ہیں اس پر مجھے بہت افسوس ہوا۔ پاکستان ایک عجیب ملک ہے کہ تعلیم ایک اہم شعبہ ہے اور اس میں سب سے کم فنڈ اس محکمے کے لئے رکھا گیا ہے جبکہ بنیاد ہر شعبے کی جو لوگوں کو تیار کرتی ہے وہ تعلیم سے تیار ہوتی ہے۔ اس ماحول میں اس پیشے کا کوئی احترام نہیں ہے۔ وہاں ایک پروفیسر' لیکچرار --- اور اس معاشرے میں اس کو اس طرح ترتیب دی گئی ہے کہ ایک پٹواری ایک نائب تحصیلدار کی وہ حیثیت ہوتی ہے کہ لوگ اس کو سلیوٹ کرتے ہیں۔ لیکن ایک لیکچرر اور ایک پروفیسر کی اس معاشرے میں کوئی عزت اور احترام نہیں ہے اس لئے کہ شروع سے لے کر پچاس سال کے دوران ہمارے حکمرانوں نے اس پر کوئی توجہ نہیں دی۔ جناب والا آپ دیکھ لیں کہ صرف بڑے لوگوں کے بچوں کے لئے تعلیم ہے ۔ جو پلاننگ کرتے ہیں اس ملک کی ' جو پالیسی بناتے ہیں ان کو اس لئے اس بات کا فکر نہیں ہے کہ ان کے بچے بڑے بڑے پرائیویٹ کالجوں میں پانچ ہزار دس ہزار فی مہینہ کی فیس دیتے ہیں اور پڑھتے ہیں لیکن میں پوچھنا چاہتا ہوں اس ہاؤس کے توسط سے ان حکمرانوں سے' ان بڑے لوگوں سے کہ 98 فیصد جو پاکستان میں غریب

رہتے ہیں آخر وہ کہاں جائیں ۔ان کے لئے کیا کبھی ہم نے سوچا ہے ۔آپ سندھ کے دیہاتوں میں جائیں، آپ بلوچستان کے دیہاتوں میں جائیں، آپ سرحد کے دیہاتوں میں جائیں، آپ فاٹا اور ناردرن ایریا میں جائیں، وہاں پر ٹاٹ نہیں ہے بیٹھنے کے لئے ، وہ بچے دھوپ میں بیٹھے ہیں، وہاں اگر استاد ہے تو کتاب نہیں ہے ، اگر کتاب ہے تو استاد نہیں ہے۔ بلڈنگ کا تو تصور نہیں کیا جاتا ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ ہماری بدقسمتی ہے ، ہم کامرس کے متعلق سوچتے ہیں، ہم کمیونیکیشن کے متعلق سوچتے ہیں، دوسرے اداروں کو ہم نے بہت اہمیت دی ہے اور ایک تعلیم ہے اس پر میں حیران ہوں کہ یہ ملک کس طرح چل رہا ہے۔

جناب والا تعلیم انتہائی ضروری ہے اور یہاں کے جو لوگ ہیں یہاں کے حکمران ہیں کسی نے پچاس سال کے دوران ، آج یہ اپوزیشن میں کل وہ اقتدار میں تھے ۔وہ آج اقتدار میں ہیں کل وہ اپوزیشن میں تھے، کسی نے اس طرف کوئی دھیان اور کوئی دلچسپی نہیں دکھائی ۔یہاں اگر آج اقتدار کے لئے کوئی بل، یا کوئی دوسرا سبجیکٹ زیر بحث ہوتا تو ہاؤس میں سارے لوگ موجود ہوتے لیکن مجھے افسوس ہے کہ اس ایشو پر بحث ہو رہی ہے اور آج ہم تین چار آدمی اس ہاؤس میں دیکھ رہے ہیں، ہماری تعلیم میں سینیٹر کی یہ دلچسپی دیکھ کر مجھے پتہ چلتا ہے کہ جب پالیسی بنانے والوں کی دلچسپی اس طرح کی ہے تو پھر وہ دوسرے جو لوگ ہیں ان کا خدا حافظ ہے۔

جناب والا میں سمجھتا ہوں کہ آج تک تعلیم کی طرف کوئی توجہ نہیں دی گئی ہے اور یہ جو جناب تاج حیدر صاحب نے کہا کہ ہمارے علاقے مکران میں ،بلوچستان میں ایک کمیونٹی سسٹم ہے جو تعلیم کو آگے بڑھا رہی ہے، ان کی بدولت ہے ورنہ یہ تو مملکت پاکستان کا فرض ہے کہ وہ ہر غریب کے بچے کو تعلیم فراہم کرے ۔یہ مملکت کے بنیادی فرض میں آتا ہے۔ یہ 33 اور 35 فیصد کا جو ریشو ہے اس میں وہ لوگ بھی شامل ہیں جو دینی جماعتیں اور دینی لوگ مدرسوں میں تعلیم دیتے ہیں اور وہ ایک اہم رول ادا کر رہے ہیں ۔زیادہ رول ادا کرتے ہیں کالج اور یونیورسٹیوں والے ۔ لہذا ہم سمجھتے ہیں کہ دینی تعلیم کے لوگ بھی اسی ماحول میں لوگ تیار کر رہے ہیں۔ جو سرکاری محکمہ ہے اس میں کوئی منصوبہ بندی نہیں ہے ۔خدارا اس ملک میں تو اٹھانوے فیصد غریب رہتے ہیں ان کے لئے تو کچھ کریں ۔غریب کے بچوں کی زندگیاں ضائع ہو رہی ہیں۔ وہ تعلیم سے بہرہ ور نہیں ہیں ۔وہاں نہ کوئی بندوبست ہے نہ کوئی وہاں پڑھانے کا انتظام ہے، نہ وہاں کوئی بنچ ہے ، نہ ٹاٹ ہے اور ہم دنیا میں منہ دکھانے کے قابل بھی نہیں

ہیں کہ یہاں ہماری تعلیم مشکل سے 37 فیصد تک پہنچی ہے ۔دوسرے ملک کہاں سے کہاں تک پہنچے ہیں۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ اس پر ہم نے کوئی توجہ نہیں دی ہے۔

جناب والا ' میں اس لئے کہتا ہوں کہ اپوزیشن اور اقتدار والے دونوں مل کر وزیراعظم سے ملیں اور وزیراعظم صاحب کو صاف جتائیں کہ اس کے لئے بجٹ کا ' اس کے لئے فنڈ کا خصوصی طور پر بندوبست کیا جائے۔ ان کا جو طریقہ استعمال ہے ان کی بھی نگرانی کی جائے اور ایک ٹیم تشکیل دی جائے ۔وہ جو سارے بیک ورڈ علاقے ہیں ان کا دورہ کیا جائے اور جہاں جہاں سو سو گھر دو سو گھر ہیں وہاں پر پرائمری تعلیم کے لئے بلڈنگ نہیں ہے۔ وہاں پرائمری ٹیچر مہیا نہیں ہے۔

جناب والا! میں سمجھتا ہوں کہ یہ جو طبقاتی تقسیم انہوں نے بنا رکھی ہے کہ بڑے لوگوں کے بچے پڑھ کر اچھے تعلیم یافتہ نکلتے ہیں اور جو عام طور پر سرکاری سکول اور کالج ہیں وہاں پر کوئی نظام نہیں ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس ملک میں اس طبقاتی نظام کو ختم کر کے ایک کروڑپتی کا لڑکا ' ایک وزیراعظم کا لڑکا' ایک صدر پاکستان کا لڑکا اور ایک ادنی غریب کا لڑکا ایک ہی کالج اور ایک یونیورسٹی میں پڑھیں۔ پھر اس ملک میں ان کو پتہ چلے گا اور پھر ہم اس کے لئے سوچیں گےکیونکہ جب اس کا خود لڑکا اسی کالج میں جائے گا 'اسی سکول میں جائے گا جہاں پر ایک مزدور کا لڑکا اس سکول میں جاتا ہے پھر ان کو پتہ چلتا ہے کہ میں اس کے لئے منصوبہ بندی کروں۔ جب تک یہ طبقاتی تقسیم ختم نہیں ہوگی تو اس وقت تک ہمارے یہ حکمران صرف گفتاً نشتاً برخاستاً ' خدا کی قسم یہاں تعلیم پر کوئی توجہ نہیں دیں گے' اس کے لئے پروگرام ہو' اس کے لئے ہم قربانی دیتے ہیں اور اس فرق کو ختم کریں کہ سب کے سب ایک ہی پلیٹ فارم میں' ایک ہی کالج اور سکول میں پڑھیں ۔پھر وہ آکر بیٹھیں گے اور کہیں گے کہ تعلیم کو بہتر بنایا جائے ۔دوسری صورت میں تعلیم پر کوئی توجہ نہیں دے گا ۔ ہمارے ملک میں اس ترقیاتی دور میں ہماری فیصد یہ ہے اور دوسرے ملکوں میں بنگلہ دیش ہمارا ہمسایہ ہے' ایران کو دیکھیں 'دوسرے ملکوں کو دیکھیں تو ہم کیا جواب دیں گے کہ آج تک اس شعبے پرکیوں ہم نے دھیان نہیں دیا ۔اس شعبے کو ہم نے کیوں اہمیت نہیں دی۔

جناب والا میں آپ کے توسط سے یہ بتانا چاہتا ہوں موجودہ حکومت کو کہ خدا را یہ کریڈٹ آپ لے لیں ۔ مجھے فخر ہے کہ ہمارا وزیرتعلیم ایک ایسی شخصیت ہے جس نےشروع سے

اس شعبے میں محنت کی ہے ۔ان کو دلچسپی بھی ہے ۔وہ چاہتا ہے کہ تعلیم کا شعبہ بہتر طریقے سے مرتب کیا جائے ۔دو تین میٹنگوں میں وہ واحدمنسٹر ہیں ہمارے جنہوں نے قیمتی وقت دے کر ان میں حاضری دی ۔اس لئے ہماری خوش قسمتی ہے کہ ہمارے ایجوکیشن کے منسٹر ایک ایسے شخص ہیں ۔اگر ہم ان کا ساتھ دیں ' اپوزیشن اور اقتدار والے سب اس کے ہمراہ اس کی مدد کریں اور وزیراعظم کو کہیں کہ اس ملک میں آپ کو تعلیم کا معیار بڑھانا ہے' اور تعلیم کے شعبے میں آپ کو اہمیت دینی ہے اور اس کے لئے فنڈ کا بھی انتظام کرنا ہے تو انشاء اللہ تعالی اگر یہ شعبہ ہمارا صحیح ہوگیا تو آگے ہم ترقی کریں گے۔

جہاں تک مدرسے کا تعلق ہے تو ہمارے عام لوگوں کا یہ تصور ہے کہ ہم مدرسوں میں دنیاوی تعلیم کے خلاف نہیں ہیں ۔ہم بھی کہتے ہیں کہ ایک عالم بھی ایجوکیٹیڈ بھی ہو' وہ انگلش بھی پڑھے انگلش پڑھنا کوئی جرم نہیں ہے۔ کبھی مدرسہ والوں نے یہ نہیں کہا کہ وہاں پر انگریزی پڑھنا کوئی جرم ہے ۔ ہمارے علمائے کرام انگریزی بھی جانتے ہیں اور وہاں الحمد اللہ ایک اچھے طریقے سے تعلیم دی جاتی ہے۔ وہاں پر کوئی دہشت گردی نہیں ہے۔ جو دہشت گرد گرفتار ہوئے ہیں وہ کالج اور یونیورسٹیوں میں ہوئے ہیں۔ الحمد اللہ پرامن طریقے سے جو کردار ہمارے دینی مدارس والے ادا کر رہے ہیں یہ تو ہیلپر ہیں' اس ملک کو تعلیمی بنانے کے لئے ۔میں سمجھتا ہوں کہ ہم اور آپ مل کر اچھے انداز میں تعلیم کے پروگرام کو آگے بڑھائیں اور موجودہ حکومت سے ہم توقع رکھتے ہیں کہ اس کو اہمیت دیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر : آخری سپیکر اکرم شاہ صاحب۔

جناب حبیب جالب بلوچ : میں بھی بولنا چاہتا ہوں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر : آپ بھی بولنا چاہتے ہیں۔ پہلے اکرم شاہ صاحب بول لیں 'اس کے بعد آپ ۔جی اکرم شاہ صاحب۔

جناب اکرم شاہ خان : شکریہ جناب چیئرمین ' آج یقیناً ایک انتہائی اہم موضوع ہے جس پر ہم بحث کر رہے ہیں لیکن افسوس کے ساتھ اس وقت ایوان میں صرف پانچ چھ لوگ موجود ہیں 'وہ بھی شاید اس لئے بیٹھے ہیں کہ ہم بولنا چاہتے ہیں۔ اگر وہ نہ ہوتا تو شاید ہم اٹھ کر چلے جاتے۔ ایوان کی جو صورت حال ہے اس کو مدنظر رکھتے ہوئے میں اپنی ساری بحث کو صرف

چند نقطوں پر اور چند منٹوں پر محدود رکھوں گا۔

جناب چیئرمین! اسی ہفتے ٹی وی کے کسی پروگرام میں بتا رہے تھے' اس میں سنا کہ خواندگی کے حساب سے ہم ان آٹھ ممالک میں شامل ہیں جوکہ سب سے پیچھے ہیں' دنیا کے ان آٹھ ممالک میں ہمارا شمار ہے خواندگی کے حساب سے جوکہ دنیا میں سب سے پیچھے ہیں۔ ان میں سے ایک ہم ہیں۔ جناب چیئرمین! آج سے 20 سال پہلے یا 30 سال پہلے خواندگی کی شرح 20 فیصد تھی لیکنہماری آبادی پانچ یا چھ کروڑ تھی تو 20 سال پہلے پانچ کروڑ کی آبادی میں 20 فیصد کے حساب سے ایک کروڑ پڑھے لکھے لوگ یا خواندہ لوگ اور چار کروڑ لوگ ناخواندہ یا ان پڑھ تھےلیکن 20 سال کے بعد ہم یہ دعویٰ کرتے ہیں کہ ہماری خواندگی کی شرح بڑھ کر 30 یا 35 فیصد پہ پہنچ گئی ہے۔ جناب چیئرمین! آج ہماری آبادی چودہ کروڑ ہے اور اس حساب سے چار کروڑ بیس لاکھ لوگ خواندہ ہیں اور نو کروڑ اسی لاکھ انسان ناخواندہ ہیں یعنی کہ بیس سالوں میں یا پچیس سالوں میں ہمارے ناخواندہ لوگوں کی آبادی دگنی ہوگئی ہے۔ ہمارے ملک میں آبادی کے حساب سے' ایک طرف ہم دعویٰ کرتے ہیں کہ یہاں پہ خواندگی کی شرح بڑھی ہے لیکن جس حساب سے ہماری آبادی بڑھی ہے اس حساب سے ہمارے ان پڑھ لوگوں کی یا ناخواندہ لوگوں کی تعداد دگنی ہو گئی ہے۔

جناب چیئرمین! جیسا یہاں پہ میرے بہت سے دوستوں نے کہا' یہاں پہ بات ہوتی ہے ترجیحات کی کہ ہم کس چیز کو آگے بڑھانا چاہتے ہیں' ہم اپنی قوم کو کس طرف لے جانا چاہتے ہیں تو اس میں جیسا دوستوں نے فرمایا کہ یہاں پہ ہمارے بجٹ میں دو فیصد سے بھی کم تعلیم کے لئے رکھا گیا اور رکھا جاتا ہے۔ اس کا نتیجہ یہ ہے کہ بیس سال کے اندر ہمارے ناخواندہ لوگوں کی آبادی دگنی ہو گئی۔ اگر اسی طریقے سے ہم نے اپنے تعلیمی بجٹ کو اسی دو فیصدی میں روکے رکھا تو چند سالوں کے بعد اب جبکہ نو کروڑ اسی لاکھ ناخواندہ لوگ ہیں تو یہ بڑھ کر سولہ کروڑ لوگ ہو جائیں گے۔ اس طریقے سے ہم کبھی بھی اپنے معاشرے کو تعلیم یافتہ یا خواندہ نہیں بنا سکیں گے۔ جناب چیئرمین! یہاں پہ تاج حیدر صاحب نے فرمایا اور بہت درست فرمایا کہ میں نے ٹاٹ پہ بیٹھ کے تعلیم حاصل کی ہے۔ یہ اس وقت کی بات ہے جب ملک بنے ہوئے شاید دو سال ہوئے ہوں گے۔ جناب چیئرمین! تاج حیدر صاحب شاید ایجوکیشن کمیٹی کے ممبر ہیں۔ پچھلے tenure میں' میں ایجوکیشن کمیٹی کا ممبر تھا' میں ان کو بتا دوں' کبھی ان کو موقع ملے

جب ایجوکیشن کمیٹی کی میٹنگ ہو' اسلام آباد میں یہ جو ہمارا دارالخلافہ ہے' میں ایجوکیشن کمیٹی کا ممبر تھا' اسلام آباد میں ایسے سکول موجود ہیں جن میں گولڈن جوبلی کے سال میں' ان سکولوں میں آج بھی ٹاٹ نہیں ہیں۔ تاج حیدر صاحب اس وقت کی بات کر رہے ہیں جب پاکستان بنے ہوئے دو سال گزرے تھے' یہ فرمارہے ہیں کہ میں نے ٹاٹ پہ بیٹھ کر تعلیم حاصل کی۔ آج جب پچاس سال پورے ہو گئے ہیں' ہم گولڈن جوبلی منا رہے ہیں' میں ایجوکیشن کمیٹی کا ممبر تھا' ہم نے جا کر دیکھا' اسلام آباد میں' دارالخلافے میں وہاں پہ بہت سے سکولوں میں ٹاٹ نہیں تھے۔ یہ خدا کا فضل ہے کہ میں بھی ٹاٹ پہ بیٹھ کر پڑھا ہوں تاج حیدر صاحب نے کہا کہ کارخانے کے اوپر ہم چھت پہ ٹاٹ پر بیٹھتے تھے۔ یہاں جہاں پر بچے بیٹھتے ہیں وہ زمین نم ہے اور وہاں پہ ان ٹیچروں نے ہم سے شکایت کی کہ بچے کو ہم اس لئے نہیں بٹھا سکتے کہ یہاں زمین پر نمی ہے اور یہاں پہ اسلام آباد کے سکولوں میں انہوں نے ہمیں بتایا کہ خدا نخواستہ اگر کسی ٹیچر کو ضرورت پڑ جائے' کیونکہ بہت بڑی تعداد میں سکولوں میں وہاں پہ لیٹرین اور واش روم کا یا پینے کے پانی کا بندوبست نہیں ہے' تو ہمیں چھٹی کرنی پڑتی ہے کیونکہ بچے کہاں جائیں' استاد کہاں جائیں۔ اس استاد کو ہم چھٹی دے دیتے ہیں کہ جی آپ گھر جائیں آپ کی ضرورت یہاں پہ رفع نہیں ہوسکتی۔ ہمارے ملک میں تعلیمی حالت کی یہ صورت حال ہے اور پھر جیسے بہت سے دوستوں نے ذکر کیا کہ یہاں پہ طبقاتی نظام تعلیم ہے۔

جناب چیئرمین! کسی زمانے میں ہمارے اس sub-continent میں' ہندوستان میں برہمن کلچر تھا' یہاں پڑھنا لکھنا صرف برہمنوں کے لئے جائز تھا۔ اگر برہمن کے علاوہ کوئی اور شخص اس جگہ سے گزرتا جہاں پر تعلیم دی جا رہی ہوتی اور وہ کوئی لفظ سن لیتا تو اس کے کان سیسے سے بھر دیئے جاتے تھے یا اس کی زبان کاٹ دی جاتی تھی کہ اس نے جو کچھ سنا ہے کہیں یہ لفظ کہیں اور نہ ادا کر دے۔ صدیوں تک یہ کلچر یہاں پر چلتا رہا کہ تعلیم صرف برہمن کا حق ہے۔ ہمارا ملک جناب چیئرمین! جس طرف جا رہا ہے یہ ہمیں قرون وسطی سے بھی پیچھے دھکیل رہا ہے جہاں پر صرف برہمن کو تعلیم حاصل کرنے کا حق تھا۔ باقی لوگ اس سے قطعاً" محروم تھے۔ آج ہم جب گولڈن جوبلی منا رہے ہیں ہمارا ملک اسی طرف جا رہا ہے۔ Self finance programme میں بچے دو دو لاکھ' ڈھائی ڈھائی لاکھ روپے دیکر' ایک سال کے' انجینئرنگ کالجوں میں' میڈیکل کالجوں میں تعلیم حاصل کرتے ہیں اور جناب جیسے کہ میں نے پہلے گزارش کی ہے کہ سرکاری سکولوں

کی حالت یہ ہوتی جا رہی ہے کہ اسلام آباد ہمارا کیپیٹل ہے اور اس میں بچوں کے بیٹھنے کے لئے ٹاٹ نہیں ہیں۔ جناب میں ایک مختصر سی مثال آپ کو دیتا ہوں کہ کوئٹہ کی آبادی ملک بننے سے پہلے پندرہ یا بیس ہزار تھی۔ اس وقت کوئٹہ شہر میں سکول موجود تھے۔ آج کوئٹہ کی آبادی پندرہ لاکھ ہے ' سو گنا آبادی میں اضافہ ہوا لیکن میں دعویٰ سے کہتا ہوں کہ وہاں دس بھی نئے سکول نہیں بنے۔

جناب میری گزارش یہ ہے حکومت سے کہ ہم اکیسویں صدی کے در پر کھڑے ہیں۔ آج کی صدی میں قوموں کا وقار تعلیم میں ہے۔جناب ایک ناخواندہ انسان ' ایک بے ہنر انسان آج کل سوسائٹی پر بوجھ ہے۔ وہ معاشرے کے کسی کام کا نہیں ہے۔اس وقت ہمارے ملک میں جو اعدادوشمار ہیں اگر ہم ان کو صحیح تسلیم کر لیں تو اس کے حساب سے اس وقت نو کروڑ انسان اس ملک میں ناخواندہ اور بے ہنر ہیں۔ کس طریقے سے ہم دعویٰ کرتے ہیں جناب ۔ ایک ملک کے بارے میں جب آپ جاننا چاہتے ہیں تو statistics دیکھتے ہیں کہ خواندگی کی شرح کتنی ہے ' فی کس آمدنی کتنی ہے ' وہاں لوگوں کا روزگار کتنا ہے' یہ نہیں دیکھتے ہیں کہ آپ سب لوگوں کو ہاتھ سے پکڑ کر لائیں کہ ہم نے پرائم منسٹر ہاؤس بنایا کتنا عالیشان ہے۔ آپ آئیں دیکھیں ' ہم پارلیمنٹ میں بیٹھے ہیں کتنی عالیشان بلڈنگ ہے ۔ آپ دیکھیں ہماری سامنے والی سڑک کتنی بہترین ہے۔ لوگ یہ نہیں دیکھتے ہیں ۔ جناب چیئرمین ! لوگ پاکستان کے بارے میں جب جاننا چاہتے ہیں تو وہ کہتے ہیں پاکستان ان آٹھ ممالک میں شامل ہے جو کہ اس وقت خواندگی کے حساب سے سب سے کم لائن پر ہیں ' سب سے نچلی سطح پر ہیں ۔ وہ دیکھتے ہیں کہ پاکستان میں فی کس آمدنی کتنی ہے' وہ دیکھتے ہیں کہ یہاں پر لوگوں کی بے روزگاری کی شرح کیا ہے ' اس سے وہ اندازہ لگاتے ہیں کہ یہ کیسی قوم ہے اور جو پیغام ہمارا لوگوں کے پاس ' دنیا کی قوموں کے پاس جا رہا ہے' ہم پڑھنے لکھنے کے حساب سے آٹھویں نمبر پر ہوں اور ہم کہیں کہ ہم دنیا کی بڑی باوقار قوم ہیں' ہم دنیا کی بڑی باعزت قوم ہیں اور ہم اکیسویں صدی میں پتہ نہیں کیا بن جائیں گے۔ یہ سارے ایسے دعوے ہی ہیں جناب چیئرمین ! تو میری یہ گزارش ہے کہ ہمیں تمام چیزوں کو چھوڑ کر اولین ترجیح تعلیم کو دینی چاہئیے ۔ جناب چیئرمین ! ہم اس ملک کی حفاظت تیر و تفنگ سے نہیں کرسکتے ' اس ملک کی حفاظت اگر کریں گے تو پڑھے لکھے باشعور نوجوان کریں گے ۔ اس ملک کی حفاظت اگر ہوگی یا اس ملک کا وقار ہوگا ' اس ملک کا سر اگر اونچا ہوگا ' اس قوم

کو دنیا میں اگر کوئی اچھی جگہ ملے گی تو وہ تعلیم یافتہ نوجوانوں کی وجہ سے ملے گی۔ اس لئے میری گزارش یہ ہے کہ ہم یہ جو ہرسال ' ہر دس سال کے بعد کروڑوں لوگ' میں ان کو بے چارے کہوں گا ' ناخواندہ اور بے ہنر لوگ پیدا کر رہے ہیں اور اس معاشرے پر' اس ملک پر مزید بوجھ بڑھا رہے ہیں تو ہمیں چاہئیے کہ سب سے زیادہ اور اولین ترجیح ہماری یہ ہو کہ ہم تعلیم پر توجہ دیں ۔ شکریہ جناب چیئرمین۔

Mr. Presiding Officer: Mr. Habib Jalib Baloch. Last speaker and after that Minister for Education will windup the debate.

جناب حبیب جالب بلوچ: ایجوکیشن پالیسی سے متعلق جو موشن move کی گئی ہے میں سمجھتا ہوں کہ اس کے نیشنل اور انٹرنیشنل significance سے متعلق اسپیکرز نے کچھ اشارے دیئے ہیں لیکن جہاں تک گورنمنٹ کی ایجوکیشن پالیسی کا تعلق ہے جب تک ہم تعلیم سے متعلق اپنے philosophical and theoretical concepts کو clear نہیں کریں گے تو جو بھی پالیسی بنے گی وہ temporary اور ineffective ہوگی ۔ اس وقت ہمارے ہاں جو education کا concept ہے اگر ہم حقیقت کو مدنظر رکھیں تو وہ British sponsored یعنی neocolonial education policy and educational concept ہے کہ تعلیم یافتہ غلام بنائے جائیں ۔ بہترین کلرک یا managerial staff بنائے جائیں اور اس تعلیم کو پروڈکشن سے باندھنے کی بجائے ' یعنی productive oriented کی بجائے personal benefit پر لا کر کھڑا کر دیا جائے ۔ یہی وجہ ہے کہ ایجوکیشن کی ڈگریاں بنتی ہیں ' بانٹی جاتی ہیں اور خریدی اور بیچی جاتی ہیں۔ صرف اس لئے کہ ان سے ہمیں سرکاری محکموں میں نوکریاں ملیں ۔ یہ neocolonial educational concept کا nut shell result ہے ۔

ایک دوسرا concept یہ ہے کہ اس ملک میں ایجوکیشن کو اسلامائزڈ کر دیا جائے۔ جس طرح جنرل ضیاء الحق نے اس ملک میں اسلامائزیشن پالیسی دی تھی اور اس ایجوکیشن کا concept یہی تھا کہ ہم سب مسلمان ہیں اور ہم سب مسلمانوں کو دینی مدرسوں میں تعلیم حاصل کرنا چاہئیے۔ اسلام کے بارے میں سیکھنا چاہئیے۔ بہت کچھ سیکھنا چاہئیے ۔ اس وقت میں آپ کو بتاتا چلوں کہ پاکستان میں پانچ لاکھ سے زیادہ طالب علم صرف مدرسوں میں ناظرہ اور مخصوص دینی تعلیم

پڑھ رہے ہیں اور ان کو حساب ، کیمسٹری ، فزکس اور فنی تعلیم سے دور رکھا گیا ہے جو خود Islamic philosophy کے خلاف ہے ۔ ابھی حافظ صاحب نے جو بات کی تھی اس میں انہوں نے کہا تھا کہ معرفت رب ، تہذیب نفس اور تنظیم دنیا ، تعلیم کا مقصد ہونا چاہیئے ۔ لیکن اس وقت جو تعلیم دی جا رہی ہے وہ صرف اور صرف معرفت رب کا concept ہے ، اس میں نہ تہذیب نفس ہے اور نہ تنظیم دنیا ہے۔ لہذا میں سمجھتا ہوں کہ یہ دوسرا جو concept ہے صرف اور صرف اسلامی تعلیم ، وہ اسلامی تعلیم نہیں ہے کیونکہ اسلامی فلاسفی کے حوالے سے تعلیم کی بات کرتے ہیں تو اس وقت ہمیں یہ سمجھنا چاہیئے کہ ہمارے پاس جس چیز کی کمی ہے ، مسلمانوں کے پاس دین کی کمی نہیں ہے ، توحید کی کمی نہیں ، ہم سب ماشاء اللہ مسلمان ہیں ، کلمہ گو ہیں لیکن ہمارے پاس سائنس اور ٹیکنالوجی کی کمی ہے ۔ جس چیز کی ہمارے پاس کمی ہے اسلام ہمیں اس جانب راغب کرتا ہے ۔

تیسرا concept اس وقت ہمارے ملک میں یہ ہے کہ تعلیم کو totally privatize کردیا جائے کیونکہ بقول ان کے سٹیٹ نے اپنا رول چھوڑ دیا ہے ۔ سٹیٹ ناکام ہو چکی ہے ۔ پبلک سیکٹر ناکام ہے لہذا اس کو مکمل طور پر privatize کر دیا جائے ۔ پتہ ہے اس کا کیا نتیجہ نکلے گا ، اس سے یہ concept ابھرتا ہے کہ آیا education for the general masses یا education for the particular classes and for strata of the society. جب آپ اس کو privatize کرتے ہیں تو اس طرح سے private اداروں کو زیادہ موقع ملے گا اور وہاں صرف وہ تعلیم حاصل کریں گے ، ان طبقات افشار کے بچے جو بالائی طبقات افشار سے تعلق رکھتے ہیں ۔ جب ہم public اداروں کو privatise کریں گے اس سے ملک میں وہ رول جو state کا رول ہوتا ہے وہ نہیں رہے گا ۔ ہم ایسے پسماندہ societies میں شامل ہیں ۔ ہم even medium developed countries میں ابھی تک شمار نہیں ہوئے ہیں۔ ہم انتہائی less developed countries میں شمار ہو رہے ہیں ، ایک وقت تھا جب افغانستان کو 147 countries میں شمار کیا جاتا تھا اور یہ بھی وقت ہے کہ جب پاکستان کو خواندگی کے حساب سے 127 countries میں شمار کیا جانے لگا ہے تو اس سے جو بالائی طبقات افشار جو ہمیشہ اقتدار میں رہتے ہیں اور جو سمجھتے ہیں کہ ہمارے بچے تو اعلی تعلیم حاصل کر رہے ہیں تو state sponsored جتنے بھی educational institutes ہیں ان میں ہم توجہ کیوں دیں۔

یہی وجہ ہے کہ کہتے ہیں کہ جب ریاستی اداروں میں حکمران progressive element سے بنتے ہیں تو وہ state کی یا society کی economic development کو influence کرتے ہیں۔ لہٰذا جب state میں ہمارے بچے تو بہترین تعلیم حاصل کرتے ہیں تو lower جو ہے ان کے لئے state sponsored جتنے بھی institutes ہیں ان میں توجہ نہیں دی جاتی ہے اور دوسرا جو اہم نکتہ ہے وہ یہ ہے کہ national significance ایجوکیشن کی نہیں ہے۔ جب ہم national significance کی بات کرتے ہیں تو پھر ہم یہ دیکھتے ہیں کہ ہماری سوسائٹی کی development کیا ہے یہ کس stage پر ہے اور اس میں ایجوکیشن کا اہم رول کیا ہے اور اس میں national structure جو ہمارے اپنے national structures ہیں وہ کس حد تک develop ہو رہے ہیں۔ ہم نے ہمیشہ سے باہر کی دنیا سے exogenous factor پر تکیہ کر رکھا ہے اور ایجوکیشن پر بھی ہم نے باہر کی دنیا پر تکیہ کر رکھا ہے۔ میں آپ کو ایک figure دیتا ہوں کہ 436 Ph.D کی سکالر شپ سے بیرونی ڈونر Common Wealth Countries کی USA کی bright donors scholarship تھیں۔ جناب ان میں سے پتہ ہے کتنے utilize ہوئے ہیں 159 اور ان پر billion rupees سے زیادہ اخراجات آ چکے ہیں۔ وہ جو utilize ہوئے ہیں ان میں سے ابھی تک Ph.D کرنے والا کوئی لوٹا تک نہیں ہے۔ بعض صوبوں کو جن میں فاٹا ہے یہ جو ناردرن ایریاز ہیں اور بلوچستان سے صرف تو پانچ بندوں کو بھیجا گیا ہے اور ان پانچ بندوں میں بھی ایک بندہ صرف بلوچستان کا ہے اور چار کسی اور province سے ہیں۔ ان کو بلوچستان کا شمار کر کے وہاں بھیجا گیا ہے تو اتنی بڑی رقوم جو آپ نے اتنے Ph.D کرنے کے لئے خرچ کیں اور ان میں سے کوئی لوٹتا بھی نہیں ہے۔ اس کے لئے کوئی پالیسی کوئی legislation ہوئی ہے کہ جناب جن لوگوں کو ہم Ph.D کروانے کے لئے بھیجتے ہیں وہ واپس لوٹتے کیوں نہیں ہیں ان کو واپس لوٹانے کے لئے ہمارے پاس کوئی طریقہ نہیں ہے۔ ہم ایل کانسی کو فوری طور پر حوالے کر سکتے ہیں لیکن ہم اپنے لوگوں کو یہاں بلا نہیں سکتے۔ کیا ہم انہیں کوئی incentives نہیں دے سکتے۔ اس سلسلے میں پہلے ہم ان کو incentives دیں اگر وہ پھر بھی نہیں آتے ہیں، وہ پاکستانی شہری ہیں اور ہم ان کو legislation کر کے یہاں بلوا سکتے ہیں۔ اس طرح سے تعلیم کی international significance ہے۔ اس سے ہم واقف نہیں ہیں کیوں کہ scientific and technological revolution جو دنیا میں آ رہا ہے ہمیں اس کے pros and cons کا علم نہیں ہے۔ اس کی

depth کی طرف ہم سوچ نہیں رہے ہیں ۔ ہم یہ سوچ نہیں رہے ہیں کہ جو world social division of labour ہے اس میں پاکستان کا مقام کیا ہے ' ہم کیا کچھ پیدا کر رہے ہیں۔ ہماری national industry تباہی کی طرف جا رہی ہے ہم Asian Tiger بننا چاہتے ہیں۔ ہمارے social infrastructure جس میں تعلیم top پر ہونی چاہئیے۔ اس کے لئے دو فیصد ہمارے پاس بجٹ ہے اور ہم پورے سنٹرل ایشیا کو dominate کرنا چاہتے ہیں ۔

جناب یہ جب Central Asia یہ Soviet Union کی تحلیل یا bifurcation ہوئی تھی اور سنٹرل ایشین سٹیٹ بنے تھے تو ہمارے لوگوں نے کہیں کس لیں کہ جناب تجارت کے حوالے سے ہم dominate کر جائیں گے ' یہ ہو گا ' وہ ہو گا ' تو کسی نے ایک بڑے دانشور سے پوچھا تو اس نے کہا کہ جناب Central Asian States میں جب میں گیا ہوں تو وہاں خواندگی کا ریشو سو فیصد ہے۔ ہمارے کہیں بلوچستان میں پانچ فیصد ہے 'خواتین کے حوالے سے 2 per cent بھی نہیں ہے ۔ فاٹا اور یہ ناردرن ایریاز اور جتنے backward regions ہیں different provinces کے' ان میں سات فیصد ہے۔ پاکستان کی سطح پر 20 per cent کہا جاتا ہے وہ بھی figure درست نہیں ہے تو اس حوالے سے جہاں سو فیصد ایجوکیشن ہو اس کو جہاں بالکل 20 per cent education نہ ہو وہ کس طرح business فیلڈ یا کوئی اور economic field ہو اس میں dominate کر سکتا ہے۔ تو اس طرح جو international significance ہے اس حوالے سے بھی ہمارا concept education کے حوالے سے clear نہیں ہے اور اس وقت Wiking اور جدید جو" میر "سٹیشن ہے اور freshly جو امریکن move ہے جو Mars کے اوپر وہاں جا رہے ہیں ہمیں تو اپنی جو چھوٹے چھوٹے ہمارے اپنے Mars ہیں 'جو اسٹارز ہیں' کچھ backward areas ہیں 'even یہاں توجہ نہیں ہوئی ہے۔ Cadre selection میں' ان کی ٹریننگ میں اور method of teaching میں۔ جب یہ چیزیں نہیں ہوں گی تو ہم دنیا سے compete نہیں کرسکیں گے۔

اس کے علاوہ اب education policy کو ہم دیکھیں کہ آیا وہ ہماری جو دنیا میں نئی تبدیلیاں آ رہی ہیں اس سے correspond کر رہی ہے کہ نہیں کر رہی ہے۔ پہلی بات تو یہ ہے کہ education policy ہو تو میں کہوں کہ correspond ہو رہی ہوکیونکہ education policies گرگٹ کی طرح ہیں' جب حکمران بدلتے ہیں تو ساتھ ساتھ education policy بھی بدلتی رہتی ہے۔ اس طرح سے اس کی correspondence مجھے دکھائی نہیں دے رہی کہ میں اس پر بحث کرسکوں

کہ آیا education policy correspond کرتی ہے اور اگر کرتی ہے تو کس حد تک کرتی ہے۔ جب education policy ہی نہیں ہے کیونکہ concept ہی ہمارا clear نہیں ہے۔

اس کے علاوہ یہ پالیسی جو ہماری class based ہے اس میں اب ایک عنصر سامنے آ رہا ہے، آپ اسے کہہ سکتے ہیں کہ وہ commercialized بھی ہو رہی ہے، یہ free نہیں ہے اور اس پر نصاب بھی equal نہیں ہے اس حوالے سے ان کے خاتمے کے لئے میرے ذہن میں کچھ تجاویز ہیں کہ اگر education کو اب masses کے لئے کرنا ہے یا general masses کے لئے down trodden masses کے لئے کرنا ہے تو پھر سب سے پہلی تجویز یہ ہے کہ اسٹیٹ کو اپنا رول ادا کرنا چاہیے۔ اگر منسٹر صاحب discussion کی بجائے میری بات سن لیں تو education کی بھلائی ہوگی کیونکہ میں توجہ اس طرف دلانا چاہتا ہوں کہ backward countries میں اسٹیٹ کا سب سے بڑا مقدم رول ہوتا ہے سوسائٹی کے over all development میں، جس میں education بھی شامل ہے اور اگر ہمیں اس طرف توجہ دینی ہے تو اسٹیٹ کو پہلے orient کیا جائے اور اسٹیٹ کے تمام ادارے خصوصاً education department میں یہ ایک revolutionary reform لے آئیں، پہلی تجویز یہ ہے۔ اور اس کے علاوہ جو ان کی cadre selection ہے، training ہے اور method of teaching ہے اس میں یہ ایک revolutionary reform اگر یہ چاہتے ہیں، ہم اپنی تجاویز education کی standing committee ہے، ان کے توسط سے انہیں بھیج رہے ہیں۔

تیسری بات یہ ہے کہ syllabus جو رکھا گیا ہے سوسائٹی میں اس syllabus کو equal ہونا چاہئیے۔ declare کردیا جائے کہ جو private institutes ہیں، جو اسٹیٹ کے institutes ہیں سب میں syllabus ایک جیسا ہو اور پرائمری سطحوں میں تمام سرکاری اسکولوں میں انگلش کو بھی اردو کے ساتھ ساتھ عام کرن کا اعلان کردیا جائے۔ مادری زبانوں میں بھی وہاں پر تعلیم دی جائے۔ اس کے علاوہ جب آپ syllabus کو equal رکھیں گے تو اس سے وہ جو فرق ہے وہ بھی جاتا رہے گا۔ اس سلسلے میں extensification of education کی بات ہو رہی ہے کہ جناب تعلیمی اداروں کو فوری طور پر پھیلا دیا جائے، یہ ان علاقوں میں پھیلا دیا جائے جہاں بالکل ہی تعلیمی ادارے موجود نہیں ہیں۔ تو extensification in backward regions تو ہوگی لیکن intensification کہاں ہونی چاہئیے، quality-wise کہاں، جہاں تعلیمی ادارے ہیں خدارا! ان پر تو توجہ دی جائے۔ ایک monitoring desk ہمارے پاس ہو، supervise ہم کریں، ہم دیکھیں کہ وہاں تعلیم دی جا

رہی ہے یا نہیں۔ تعلیم دی جا رہی ہے تو کیسی دی جا رہی ہے اور اگر تعلیم دی جا رہی ہے تو اس کا method درست ہے کہ نہیں ہے اور اگر تعلیم دی جا رہی ہے تو وہاں examination system درست ہے کہ نہیں ۔ آپ دیکھ لیں کہ جو آپ exam لے رہے ہیں اس سے تو بہتر ہے کہ آپ ان سے کہیں کہ جناب تمام کتابیں کھول کر اپنے سامنے رکھیں۔ یہ ہے کہ آپ کوئی objective system of education کو مروج کریں۔ خود میں نے جہاں تعلیم حاصل کی، جہاں میں M.Phil. کر رہا تھا تو ' میں یہ مثال صرف اس لئے دینا چاہتا ہوں شاید ان کے کام آجائے۔ چھ' سات پروفیسرز exam کے وقت موجود تھے' ہر ایک کے پاس پرچیاں رکھی ہوئی تھیں۔مجھے بلوایا گیا اور لفافے سے میرے لئے جو questions بنائے گئے تھے وہ مجھے handover کیا گیا اور مجھے کہا گیا کہ آپ اسے کھولیں ۔ ہم پندرہ منٹ آپ کو دیتے ہیں کہ جو سوالات آپ پہلے حل کرنا چاہتے ہیں اس پر آپ نشان لگا دیں ۔ اس کے بعد آپ ہمیں زبانی کہیں یعنی ایک دفعہ briefing دیں اور plan or methodology ہمیں بتائیں اور میں نے انہیں plan and methodology بتائی ۔ پھر انہوں نے کہا کہ آپ کتنے منٹ لیں گے ' میں نے وہ بھی بتا دیئے ۔ اس کے بعد انہوں نے کہا کہ اب بتانا شروع کر دیں ۔ جب میں نے ختم کیا تو ان میں سے ہر ایک نے marking کی ہوئی تھی اور مجھے کہا کہ آپ 5 منٹ بیٹھیں ۔ پھر انہوں نے اپنی marking collect کر کے اس کی average نکال کر اسی وقت میری پوزیشن مجھے بتا دی۔

جناب والا! ہماری مٹری کا بجٹ بھی کافی زیادہ ہے اور میں کہتا ہوں کہ اگر مٹری اپنے بجٹ سے کچھ حصہ ایجوکیشن پر خود لگا دے تو وہ بھی اچھا ہو گا لیکن ہم یہ نہیں کہتے کہ مٹری بجٹ کو فوری طور پر کم کر دیں۔ ہم کہتے ہیں اس مملکت خدا داد کو ترقی دینے کے لئے آپ خود جہاں چاہیں education institute کھول دیں تو یہ بھی ہمارے مفاد میں بہت بڑی بات ہو گی۔

Khawaja Qutabuddin: Sir, one minute, I want to add. Sir, one suggestion I want to give which is very important.

Mr. Presiding Officer: You can not speak for the second time.

Khawaja Qutabuddin: Sir, it was a survey which I want to bring to the notice of the Federal Education Minister. Sir about 5 years back a survey

was conducted by 'Dawn" the English Newspaper , everybody knows about it. Approximately 100,000 situations vacant کی advertise کی گئی تھی ۔ اس میں سے صرف 20,000 employ end of the year کئے گئے لیکن اس کا مطلب یہ نہیں کہ 50 ہزار لوگ آئے نہیں، بلکہ 80 ہزار سے کہیں زیادہ لوگوں نے apply کیا لیکن اس job specification سے match نہیں کرتے تھے۔ وجہ یہ تھی کہ جو ہماری آج کل کی requirement ہے اس کے لحاظ سے education نہیں دی جاتی اور یہی وجہ ہے کہ ہمارے جو institutes ہیں جیسے Institute of Business Administration یا آغا خان میڈیکل کالج ہے یا LUMS لے لیجئے یا NED لے لیجئے یہاں ہزاروں کے تعداد میں بچے flock کرتے ہیں ۔ 100 سیٹیں ہوتی ہیں 8,000 امیدوار ہوتے ہیں۔ وہ وہاں کیوں جاتے ہیں ۔ اس وجہ سے کہ وہاں education is relevant to the requirement , to the need of the time, the time کا مطلب یہ ہے کہ to the needs of the economy یا of the country وہاں کے بچے جو پڑھتے ہیں ، گریجویٹ ہی نہیں ہوتے ان کو نوکریاں ملتی ہیں کیونکہ جو requirement ہے جو latest development ہے ، جو tecnological advancement ہے ، ان سب میں یہ بچے fit ہوتے ہیں۔ ہم کیا کر رہے ہیں کہ major institutions میں ہم وہ پڑھائی پڑھا رہے ہیں جس کی ہمیں خاص طور پر ضرورت نہیں ہے تو what we are doing , we are creating a mass of educated unemployed people یہ segment ملک میں بہت زیادہ ہے۔

Mr. Presiding Officer: Yes, Minister for Education Please.

سید غوث علی شاہ۔ جناب چیئرمین! سب سے پہلے تو میں جمیل الدین عالی صاحب کا بہت مشکور ہوں جنہوں نے under Rule 194 یہ موشن move کیا اور جو انہوں نے اپنی تقریر میں بہت سی تجاویز دی ہیں میرے خیال میں ان سے کافی فائدہ ہو گا ۔ اس کے علاوہ ہر معزز ممبر نے جو باتیں کی ہیں میں نے ان کا نوٹ لے لیا ہے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ موشن ایسے وقت پر لیا گیا ہے جب گورنمنٹ آف پاکستان بذات خود ایک نئی ایجوکیشن پالیسی کے لئے سوچ رہی ہے اور اس پر کام کر رہی ہے۔ میرے خیال میں یہ بھی ایک اچھی بات ہے کہ 1992 میں پاکستان مسلم لیگ کی گورنمنٹ نے education policy بنائی اور وہ education policy اس کے

ٹائم میں بھی چلی اور اس کے بعد جو successive government تھی اس کو بھی یہ پالیسی بہت اچھی لگی۔ انہوں نے بھی اس کو continue کیا اس میں اضافہ کیا۔ اس کے بعد پھر اب جب دوبارہ پاکستان مسلم لیگ کو لوگوں نے massive mandate کے ساتھ گورنمنٹ بنانے کا موقع دیا تو ہم نے یہ محسوس کیا کہ اس پالیسی کو پانچ سال کے قریب قریب ہو گئے ہیں کہ یہ effectively چل رہی ہے اور اچھے خاصے اس سے results موصول ہوئے ہیں لیکن میں یہ ضرور اعتراف کروں گا اور اپنے honourable members کا شکریہ بھی ادا کروں گا جنہوں نے یہ تجاویز دیں ہیں ۔ہم انشاء اللہ تعالیٰ کوشش کریں گے کہ یہ جو نئی education policy ہے اس میں ان کا آج کا جو تذکرہ ہے وہ ہر جگہ ہونا چاہئیے لیکن کچھ حقائق ہیں جو میں اس august House کو بتانا اپنا فرض سمجھتا ہوں۔ مجھے خوشی ہوتی اگر سینیٹر حاجی عبدالرحمان صاحب اب حاضر ہوتے کیونکہ موشن تھا ہی اس طرح کہ جس میں خاص طور پہ with special reference FATA and Northern areas کو دیا گیا تھا اور میرے خیال میں سینیٹر حاجی عبدالرحمان خان کو اگر اس بات کا علم ہوتا تو وہ اتنی تکلیف دہ بات نہ کرتے جو ان کے خیال میں آئی ہے۔

۱۹۹۲ء کی پالیسی جو بنی وہ پورے پاکستان کے لئے بنی۔ اس میں فاٹا بھی ناردرن ایریاز بھی شامل ہیں اور ان کا benefit بھی ہے لیکن پھر گورنمنٹ آف پاکستان کو یہ خیال آیا کہ نہیں ناردرن ایریاز اور فاٹا پسماندہ علاقہ ہے under developed علاقہ ہے اس کی طرف زیادہ توجہ دینی چاہئیے تو ۱۹۹۲ء کے بعد ایک پالیسی بنی ۔ اس میں ایک project ہم نے بنایا فاٹا اور فاٹا کے لئے۔ purely اس point of view سے کہ یہ deprived areas ہیں۔ تو یہ project ۱۹۹۶ء سے لے کے ۲۰۰۰ء تک چلے گا۔ اس میں کوشش کی گئی کہ اتنے پیسے لائے جائیں کہ پورا علاقہ سکولوں اور کالجوں سے بھر جائے تو ایک project approve ہوا Northern Education Project کے نام سے۔ اس کی total cost 950 millions ہے اور اس میں IDA credit ہے 760 millions کا ۔اس کے salient features میں اس لئے عرض کرنا چاہتا ہوں کہ باہر سے شاید یہ impression ہے کہ فاٹا اور ناردرن ایریاز کو وہ توجہ تعلیم کے لحاظ سے نہیں ملی ہے جو ہونا چاہئیے۔ ماضی میں ' میں سمجھتا ہوں کہ شاید اتنی توجہ نہیں ملی ہے لیکن پاکستان مسلم لیگ کی حکومت بننے کے بعد اس کی طرف کافی توجہ ہے۔ اس project کے اندر ۵۰۰ پرائمری سکولز کا تخمینہ ہے جو بنائے جائیں گے اور construction of building کے of elementary teachers training کالجز ۴ ہو گا equipment

for curriculum development and research centres, boundary walls for 220 girl primary schools کیونکہ یہ ذکر ہوا کہ ان کے لئے یہ اسامیاں نہیں ہیں لیکن یہ رکھی گئی ہیں۔ Educational Management Information System, Education extention centre and curriculum research and development centre یہ بھی خاص ان areas میں رکھے جائیں گے۔ اس کے بعد فرنیچر کی purchase, equipment, 23 vehicles and 40 motor cycles یہ اس لئے ہوں گی کہ اس کی monitoring ہو سکے۔ supervision بھی ہو سکے۔ دیکھا جائے کہ کام کس طرح سے ہو رہا ہے۔ اس کے بعد development of teaching learning material andestablishment of primary schools management committee جب یہ کمیٹی بنے گی management کی تو ان کو دیکھے گی بھی اور یہ سارا جو programme ہے یہ Staffdevelopment programme, consultancy services, creation of additional post of Assistant Education Advisers alongwith supporting staff and other provisions for project یہ implementation project Ministry of State and Frontier Region Division کے ذریعے ہو رہا ہے۔ میں حاجی عبدالرحمان صاحب کو خاص طور پہ اور محترم جمیل الدین عالی صاحب کی بھی توجہ دلاؤں گا کہ جو ہمارے فاٹا اور ناردرن ایریاز کے سینیٹر صاحبان ہیں وہ اس کا فائدہ لیں۔ وہ دیکھیں کہ جو پانچ سو سکول ہیں ان کی location کیا ہے۔ انہوں نے اپنی تقریر میں یہ بھی کہا۔ میں اتفاق سے نہیں تھا لیکن میں راجہ ظفر الحق صاحب کو گزارش کر کے گیا تھا کہ میرا item No.4 آج ہے نیشنل اسمبلی میں۔ میں اس کو attend کر کے جلدی آ جاتا ہوں۔ ہماری کوشش یہ ہے کہ ان areas میں اسکو ل پہنچے جہاں غریب لوگ تعلیم حاصل کر سکیں۔ نکات بہت اچھے اچھے آئے ہیں اور محترم تاج حیدر کی information کے لئے میں یہ بھی عرض کروں ' ان کو بہت خوشی ہوگی یہ سن کر کہ مجھے اس ملک کی تعلیم کے سلسلے میں خدمت کرنے کا پہلا پہلا موقع ۱۹۸۱ میں ملا اور اسی سال یا اس کے دوسرے سال میں خود آغا خان فاؤنڈیشن کے سکول دیکھنے گلگت کے علاقے میں گیا تھا ۔ شعیب صاحب کے اس نظام کو دیکھ کے پھر میں نے اپنے صوبے سندھ میں اس کا فائدہ لیا اور اب یہ جو ان کی تجویز ہے کہ ان کو بلایا جائے اس ایجوکیشن پالیسی میں یہ بہت اچھی تجویز ہے کیونکہ میں انکے کام سے بہت متاثر ہوا تھا اس لئے خاص طور پہ ' میں سندھ کا Education Minister تھا 'وہاں گیا تھا ' وہ سکول دیکھے ' اس کا طریقہ

کار دیکھا تو میں بہت impress ہوا۔ تو اب یہ ساری باتیں میرے ذہن میں ہیں۔ اس وقت اللہ تعالیٰ نے ایک صوبے کی خدمت کرائی مجھ سے تو اب مجھ پر پورے ملک کی ذمہ داری اللہ پاک نے ڈالی ہے تو مزید بہتر کرنے کے لئے اس پہ توجہ دوں گا اور میں توجہ دے رہا ہوں۔ National Education Policy جوابھی ہم بنا رہے ہیں، جس کی ہماری پوری کوشش ہے کہ اس کو ہم اسی سال ۱۹۹۷ میں اس کو announce کر سکیں تو بہت اچھا ہو گا لیکن اگر کسی وجہ سے ۱۹۹۷ میں نہیں دے سکے تو انشاء اللہ جنوری میں یہ ضرور آجائیگی۔ اس دوران جو بھی یہاں تجاویز آئی ہیں میں نے نوٹ بھی کی ہیں اور پھر سینٹ کے ریکارڈ سے آج کی تقاریر کے حوالے سے جو لکھی ہوئی بات ہوگی وہ بھی میں لے لوں گا so that اس کو بھی ہم سامنے رکھیں۔ ایک بات صرف حبیب جالب صاحب کے information کے لئے میں عرض کروں گا کیونکہ اگر education totally privatize کی جائیگی تو پھر تو بہت مہنگی ہوجائیگی۔ اتنی مہنگی ہو جائیگی، کیونکہ ہماری کوشش یہ ہے کہ غریب طبقہ تک تعلیم پہنچے اس لئے ٹوٹل نہیں کر پائیں گے لیکن private sector کو ہم اس میں involve کر رہے ہیں اور بہت involve کر رہے ہیں کیونکہ جو investment policy ہے اس میں بھی ہم نے ان کو رکھوایا ہے کہ education کے سلسلے میں یہ جو investments ہیں اس میں یہ یہ benefits ملیں گے۔ لیکن کئی علاقے ہیں کہ اگر پرائیویٹ سیکٹر میں آپ دیکھیں گے کہ جتنے بھی سکولز ہیں یہ اکثر بڑے شہروں میں ہیں۔ وہ rural areas کو یا دور کی طرف نہیں جاتے ہیں اور وہاں بھی ابھی سے ہمارے پاس درخواستیں آنا شروع ہو گئی ہیں کہ یہ مہنگی تعلیم ہے ان کو تھوڑا سا آپ کنٹرول کریں۔ فیس اتنی زیادہ ہو گئی ہے کہ ہم برداشت نہیں کر سکتے۔ ہم کوشش کریں گے دونوں سیکٹروں کو چلانے کی لیکن حبیب جالب صاحب کا جو proposal ہے کہ اس کو complete privatize کیا جائے، ضرور private sector کو involve کریں گے۔ ان کی منشاء انشاء اللہ تعالیٰ پوری ہوجائیگی۔

جناب حبیب جالب بلوچ :۔ پوائنٹ آف آرڈر۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر : پوائنٹ آف آرڈر بولنے کا بہانہ تو نہیں ہو سکتا لیکن اگر آپ کوئی وضاحت کرنا چاہیں تو۔

جناب حبیب جالب بلوچ:۔ جناب میں personal explanation پہ بولنا چاہتا ہوں۔

جناب پریذائیڈ نگ آفیسر: جی جناب فرمائیے۔

جناب حبیب جالب بلوچ: میں نے یہ کہا کہ education کا اس وقت total and complete privatisation کا مطلب ملک کے اندر class based and commercial education کو پروان چڑھانا ہے ۔ اس کا مطلب عام آدمی ' یا غریبوں کے بچوں سے تعلیم کو چھیننا ہے۔ میں نے privatisation کے حق میں تقریر نہیں کی ہے۔ میں نے یہ کہا کہ سٹیٹ اپنا رول ادا کرے اور backward countries میں سٹیٹ کا ایک عمدہ اور مقدس رول ہوتا ہے education کو پروان چڑھانے کا۔

جناب پریذائیڈ نگ آفیسر:۔ تشریف رکھیئے ۔ جی جناب۔

سید غوث علی شاہ:۔ میرے خیال میں ان کا مقصد وہی ہے جو میں بات کر رہا ہوں۔ ان کے دل میں بھی وہی جذبہ ہے' وہی درد ہے کہ غریب تک تعلیم پہنچے۔ طریق کار' انداز بیاں ہر ایک کا اپنا اپنا ہے۔ میں نے اس طرح سے اس کو سمجھا تھا لیکن ہم private sector کو involve کر رہے ہیں اور بہت حد تک کر رہے ہیں لیکن ہم یہ بھی کوشش کریں گے یہ کمرشل ادارے ' پرائیویٹ ادارے اتنے کمرشل نہ بن جائیں کہ غریب کی reach سے بات آگے چلی جائے ۔تو انہی گزارشات کے ساتھ میں آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں ۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر۔ شاہ صاحب ایک بات کی نشاندہی ہوئی تھی اس کے متعلق بھی غور فرمائیے گا۔ عام شکایت یہ ہے کہ بہت سے اساتذہ سکولوں میں جاتے نہیں اور تنخواہیں لیتے ہیں۔میں سمجھتا ہوں کہ یہ تو بہت بڑا جرم ہے ۔

سید غوث علی شاہ۔ جناب یہ صرف جرم نہیں ہے ۔ یہ جرم سے بھی زیادہ بڑا گناہ ہے۔ میں آپ کو گزارش کروں کہ ایجوکیشن کا جو محکمہ ہے۔ It is on the concurrent list یہ صوبوں کے پاس بھی ہے اور فیڈریشن کے پاس بھی ہے ۔فیڈریشن میں اس لئے ہے کہ ہم مانیٹر کر سکیں ۔ کنٹرول کر سکیں کہ جن آئیڈیاز پر ہم اس ملک کو چلانا چاہتے ہیں۔ آیا صوبے ان کو فالو کر رہے ہیں۔ آیا صوبے وہ دیکھ رہے ہیں کہ اس ملک کے لئے ہماری کیا فلاسفی ہے ۔ کس ٹائپ کی ہم تعلیم چاہتے ہیں۔ نئی ایجوکیشن پالیسی آنے میں ابھی تھوڑا سا وقت ہے لیکن اس

سے پہلے بھی پرائم منسٹر آف پاکستان جناب محمد نواز شریف نے ٹاسک فورس بنا دی ۔ اس ملک کے فارمر کیئر ٹیکر پرائم منسٹر محترم معراج خالد صاحب مانیٹر کر رہے ہیں اور اس کے ساتھ ایک بڑی ٹیم دی گئی ہے کہ وہ ٹاسک فورس کام کرائے ۔ منسٹری آف ایجوکیشن نے کئی گروپس بنائے ہیں۔ان کو دیکھنے کے لئے کہ یہ کس طرح سے چل رہے ہیں۔تو یہ جو شکایت ہے جو آپ نے point out کی یہ بالکل صحیح شکایت ہے ۔ہم وقتاً فوقتاً صوبوں کی اس طرف توجہ دلاتے ہیں کہ وہ اپنی مانیٹرنگ کو بہتر کریں۔جہاںتک فیڈریشن کا سوال ہے ۔ فیڈرل کی حدود میں جو اسلام آباد کے اردگرد ہے ۔وہاں ہم نے اس کو بڑے اچھے vigilent طریقے سے دیکھنا شروع کیا ہے ۔آج بھی جب ایجوکیشن پالیسی پر بحث ہو رہی ہے۔تو یہ جو وزیٹر گیلری ہے ان میں ایجوکیشن کے وہ سارے بڑے بیٹھے ہوئے ہیں۔مثال کے طور پر ایجوکیشن سیکرٹیری ملک سے باہر ہے تو Acting Education Secretary جائنٹ ایجوکیشن ایڈوائزر سارے میں نے بلا لیے تھے کہ آپ بیٹھیں سنیں کہ ہمارے آنریبل ممبرز کیا چاہتے ہیں اور یہی میری پالیسی رہے گی کہ ہماری سینٹ اور ہماری نیشنل اسمبلی کے جو احساسات ہیں' جو ان کا جذبہ ہے' جو وہ چاہتے ہیں کہ اس ملک کا ایجوکیشن کے سلسلے میں قبلہ اس طرف ہونا چاہئیے۔ اس طرح ہی انشاء اللہ کوشش کریں گے۔ شکریہ۔

Mr. Presiding Officer: That concludes our discussion on the motion.

The House is adjourned for tomorrow to meet at 7.p.m.

(The House then adjourned to meet again at 7, O' clock in the evening on Tuesday, the 2nd December, 1997.)